یہ شہباز شریف صاحب کہہ رہے تھے کہ ناظمین کو گرفتار کریں۔ ان کا اخباروں میں اشتہار نکال دیا اور کہا کہ private sector accounting company لیں گے وہ کیوں سارا کچھ بند ہوگیا۔ ہم تو کہتے ہیں پکڑیں۔ Why is that stopped. Because sir, I would like to inform you that on October 12, 1999 all the assemblies were sent home, there was no district nazim, there was no tehsil nazim, there was no MPA, there was no MNA, there was no councilor, there was no khidmat-e-khalq committee, there was nothing, there was just bureaucracy and the public. Do you think that the patwari immediately became honest and said that ……….

بھائی میں ان کے سوال کا جواب دے رہا ہوں۔

Do you think that the land mafia stop functioning? Do you think that the اہلمد of the courts stop taking their registration fees? Do you think the accounts department or the ٹھیکیدار stop taking the money? The whole system is corrupt.

کیا باتیں کر رہے ہیں ہم۔ آئیں پھر اس کو ٹھیک کرتے ہیں اس کے لیے بڑی ہمت چاہیے ہوتی ہے۔ آپ نے دیکھا کہ دو دن لعن طعن کرنا devolution plan کا تو بڑا آسان ہے ساروں کو نہیں پتا کہ corruption ہو رہی ہے۔ اب وہ issue کیوں مدہم ہو گیا ہے۔ وہ صرف political stunt تھا۔ میری جو generation ہے ہم تو واقعتاً چاہتے ہیں کہ accountability and transparency لائی جائے۔ لیکن ان کو باتوں میں ٹال مٹول کر کے because is not the political side which is gaining the most from this. یہ جو میز سے crumbs گرتے ہیں وہ پانچ فیصد، چار فیصد یہ political side کو ملتے ہیں۔ mainstay تو ان کے پاس جاتے ہیں۔ آپ اگر لاہور جائیں تو جا کر دیکھیں ٹیکس سوسائٹی ہے نہر کے کنارے پر ، وہ سب sub-engineers or engineers کے گھر ہیں وہ سترہ ہزار تنخواہ میں بنے ہیں نہیں پتا کسی کو کہ سڑکوں میں جتنے کھڈے ہیں اتنے ہی بڑے ان کے مکانات ہیں یہ کیا چکر ہے۔ NAIB everybody knows but nobody is willing to act on it. پسپا ہوگئی گھس پٹ گئی۔

So, the point is that yes we need to deal with the issue of corruption and transparency, absolutely, but then let us deal with the issue of corruption and transparency and not some personal pet peeve. This is the point. So, I hope I have elaborated on that. This is very important point about accountability and transparency.

جہاں تک آپ نے باقی بات کی کہ اس نظام کے ذریعے جو عام آدمی کی ایک ability تھی کہ وہ اپنےcareer کو progressکر لیتا اس کی وجہ سے امیر لوگ بن سکتے ہیں۔ دیکھیں کسی نے ڈی ایم جی کو بند نہیں کیا ہے۔ ڈی ایم جی ابھی بھی موجود ہے recruitment ہو رہی ہے لوگ امتحان دے رہے ہیں۔ سول سروس اکیڈمی بھری ہوئی ہے probationers کے ساتھ۔ میں ان کو ہر سال جا کر address کرتا ہوں۔ So those opportunities are all there. Most welcome, in fact, they have expanded چونکہ یہ جو نچلے level کی posts ہیں DDO, DOR کی ان کو fill کرنے کے لیے زیادہ recruitment بڑھانی پڑ رہی ہے۔ وہ کوئی problem نہیں ہے لیکن کہا کیا گیا ہے صرف یہ کہا گیا ہے کہ اگر آپ نے حکمرانی کرنی ہے تو پھر آپ الیکشن لڑ کر کریں۔ یہ امتحان دے کر ہمارے اوپر رعب نہ جمائیں ۔ یہ کہا گیا ہے اور اس میں جو میں بات کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ حیران ہونگے کہ یہ بہت عام فہم چیز ہے میں آپ کو دو مثالیں دوں گا یہ کہا گیا کہ یہ تو سارے دسویں پاس ہیں تو ہم کیا ان کی باتیں سنیں۔ یہ یہاں پر کیا کریں گے ، یہ بڑی زیادتی ہے کہ ہم اتنے پڑھے لکھے ہیں امتحان دے کر آتے ہیں اور ہمیں دسویں پاس کے نیچے تعینات کر دیا۔ So we did a survey دسویں پاس is the rule, that is correct, law میں یہی لکھا ہوا ہے کہ you have to at least be tenth grade but what the on ground situation is, that is the different ball game. So, we did a survey throughout Pakistan and about 3500 union councils, 350 tehsils, 110 districts to get the qualifications of the nazims and naib nazims and councilors. You would be surprised to know it fears better than the provincial assemblies until this

یہ جو بی اے کی شرط آنے سے پہلے جو اسمبلی تھی اور یہاں پر چیف سیکرٹری جو تھے وہ آٹھویں فیل چیف منسٹر کو جا کر salute کرتے تھے۔ جبکہ ضلعی سطح پر ان کی جو domain تھی پی ایچ ڈی بھی ہو they don't to hear. آپ جا کر باہر بیٹھیں۔ ادھر ہم ہوتے ہیں۔

So this was the mentality I must tell you and you know I have been working with that system for 18, 20 years and these are all issues. So, the point is that opportunity for poor people to get involved in the political process, do you think it will be more, if we did not have union councils?

اگر یونین کونسل ہوتی ہی ناں تو پھر کتنے غریبوں کو آگے آنے کا موقع ملتا۔ کیونکہ یونین کونسل کا جو ناظم ہے یا ممبر ہے وہ تحصیل کونسل کا بھی ممبر ہے اور ضلع کونسل کا بھی ممبر ہے۔ جہاں پر پہلے جو صوبائی اسمبلی فیصلے کرتی تھی جیسے میں نے آپ کو بتایا اب وہ ضلعے میں فیصلے ہوتے ہیں۔ اب زیادہ غریب لوگ شامل ہوئے ہیں جو فیصلوں کے اوپر حاوی ہو سکتے ہیں یا وہ کم ہوا ہے اب آپ خود اندازہ لگا لیں۔

Madam Deputy Speaker: Last two questions, one from the Green Party and one from the Blue Party. You can ask questions together and then the honorable guest will answer that. Niaz Muhammad.

جناب نیاز محمد: شکریہ میڈم سپیکر! دانیال عزیز صاحب آپ نے ناظمین نظام تو نافذ کر دیا اگرچہ آپ کی نیت تو ٹھیک تھی لیکن ہمارے جیسے معاشرے میں ایسا نظام نہیں چل سکتا تھا۔ آپ نے اس پس منظر کو نہیں دیکھا۔ آپ نے ناظمین کا سسٹم تو رائج کر دیا لیکن اس کو کسی کا جوابدہ نہیں کیا جس کی وجہ سے انہوں نے کرپشن ، ناانصافی اور اقرباء پروری کی انتہاء کر دی۔ میں ایک چھوٹی سی مثال پیش کرتا ہوں کہ ہمارے ضلع زیارت میں ڈسٹرکٹ کونسل کا بجٹ پیش ہو رہا تھا پچیس کروڑ روپے کا ترقیاتی بجٹ پیش کرنے کا جب اعلان کیا گیا تو ناظم صاحب کے منہ سے حیرت سے گیدڑ کی آوازنکلی کیونکہ اس نے اتنے پیسے زندگی میں پہلے کبھی نہیں سنے تھے۔ میرا سوال یہ ہے کہ آپ نے ایسا سسٹم پس منظر میں کیوں نہیں بنایا جس کی وجہ سے ناظمین کسی کے سامنے جوابدہ ہوتے؟ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Sir, we will take a question form Blue Party as well and then you can answer together. Usman Ali.

جناب عثمان علی: شکریہ میڈم سپیکر! جناب آپ نے جو جو لوکل باڈی کا سسٹم بنایا ہے تو جہاں تک direct elected members ہیں وہاں تک تو سسٹم بالکل ٹھیک ہے۔ Devolution of power ہوئے ہیں اور grass rootتک powers پہنچی ہیں مگر جہاں indirect election ہوتے ہیں یہی لوگ پھر ڈسٹرکٹ ناظم کو elect کرتے ہیں تو اپنا ووٹ ایک لاکھ دو لاکھ میں بیچ کر کرپٹ لوگوں کو بٹھاتے ہیں اور ادھر سے یہ سارا سسٹم بگڑ جاتا ہے۔ ایسا کیوں نہیں کیا جاتا کہ ایک parallel system کی بجائے ہم ان کو MNAs کے ساتھ بٹھائیں اور اس سسٹم کو اس میں merge کر کے ایک unified system بنائیں۔

Mr. Danial Aziz: I am sorry can you explain it again? I did not get your question.

جناب عثمان علی: یہ جو directly elected members ہیں جو کہ یونین کونسل کے ناظم ہیں اور مزدور کسان کونسلر ہیں وہ indirectly پھر سٹی ناظم کو elect کرتے ہیں تو وہ اپنا ووٹ ایک لاکھ دو لاکھ میں بیچ کران کرپٹ لوگوں کو بٹھا دیتے ہیں۔ اب اگر ان لوگوں کو ہم MNAs کا subordinate بنائیں اور MNAs کے ساتھ ان کے links بڑھائیں rather than making them select a city district nazim. تو وہ اچھا نہیں رہے گا وہ MNAبھی directly elected member ہیں اور یہ بھی directly elected member ہیں اور دونوں سسٹم merge ہو جائیں گے rather than being a parallel system.

Mr. Danial Aziz: I will take the last question first.
میرے خیال میں اس کا حل یہ نہیں ہے کہ ایم این اے کو کر دیں میرے خیال میں اس کا حل یہ ہے کہ جو لوکل گورنمنٹ میں executive offices ہیں جس میں تحصیل ناظم، ضلع ناظم وغیرہ وغیرہ یہ سب direct election سے ہونے چاہیں and I think that is what we always proposed in NRB لیکن اس کو accept نہیں کیا گیا تھا۔ اب بھی میرے خیال میں وہ لوگ جو اس کو accept نہیں کر رہے تھے وہ چاہتے تھے کہ اس کو manipulate کر سکیں اور اس کی basis پر ایک بہت بڑی زیادتی ہوئی ہے ابھی اللہ کرےdemocratic forces ہیں وہ direct election کروا دیں۔

Mr. Usman Ali: Sir the parallel system will remain in place sir.

Mr. Dinal Aziz: There are actually not parallel systems, the problem is that under the rules of business of the provincial government or the rules of business of the Federal Government, running the administration is not the job of the MPA or MNA.
یہ ہم نے خود سے بنایا ہوا ہے کہ ایم این اے نے جا کر گلیاں بنانی ہیں، نالیاں بنانی ہیں یا پارک بنانا ہے یہ ہمارا کام نہیں ہے ہم یہ کام اس لیے کرتے ہیں کیونکہ دوسرا کام ہم کر نہیں سکتے، ہمیں آتا نہیں ہے۔ وہ میں نے آپ کو بات بتائی ہے دو سو سالہ تاریخ میں کبھی ہمیں اس طرف جانے نہیں دیا گیا تھا ہمیں رکھا ہی اس level پر گیا تھا۔ So this is the point but regarding Ziarat I would just sayکہ آپ نے کہا ہے کہ کسی کو جوابدہ نہیں بنایا یہ بڑا interestingسوال اٹھایا۔ میں اس پر تھوڑی سی بات کرنا چاہتا ہوں۔ میں جب ووٹ لینے جاتا ہوں آپ لوگوں نے تو ابھی ووٹ نہیں لیے لیکن آپ جائیں گے انشاءاللہ میرے دل کی خواہش ہے وہ بھی آپ تجربہ کریں۔ پارلیمنٹ کا تو تجربہ آپ نے لے لیا تو اگر میں کسی گاؤں میں جاؤں تو وہاں پر جو senior بیٹھا ہوتا ہے سفید داڑھی کے اوپر مہندی لگی ہوئی ، پانچ وقت کا نمازی تہجد گزار اور وہ ہمیں وہاں پر receive کرتا ہے اس کے ساتھ اس کا سارا خاندان ہوتا ہے۔ اس کے پاس دو، تین سو ووٹ بھی ہوتے ہیں۔ ہمیں بڑی خواہش ہوتی ہے کہ ہم کسی طرح، ابھی اتنا نہیں رہا ابھی young لوگ خود ہی فیصلہ کرتے ہیں لیکن جب بیس سال پہلے شروع کیا تھا تو اس وقت بڑوں کا بڑا اثر ہوتا تھاووٹوں پر، ہمارے علاقے میں شاید آپ کے ہاں ٹرائبل سسٹم ہے وہاں شاید ابھی اسی طرح چل رہا ہو۔ تو ہم ان کو منانے کی کوشش کرتے تھے اور ان کو عادت تھی میرے والد صاحب کی، ان کو منانے کی تو اب میری باری آگئی۔ میرے میں ساری پڑھائی لکھائی اور میرٹ جیسے میں نے آپ کو شعر ایک سنایا، وہ ابھی ساری باتیں تازہ تھیں۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ مجھے بتائیں کہ میں آپ کی کیا خدمت کروں تو انہوں نے point کیا کہ یہ جو میرا پوتا ہے دیکھیں کتنا خوبصورت ہے، اس کی چھاتی دیکھیں، اس کی چال دیکھیں، اس کا رنگ دیکھیں آپ جیسا ہے وغیرہ وغیرہ اس کو پولیس میں جانا ہوگا اور اگر یہ نہیں جائے گا تو very sorry میرے ووٹ نہیں مل سکتے۔ میں ان کو بتاتا تھا کہ جب بھرتی کھلے گی، نہیں نہیں آپ کے والد صاحب ہمارے ساتھ یہ نہیں کرتے تھے ۔ گورنر امیر

محمد خان ہوتا تھا اس وقت ٹرین میں سفر ہوتا تھا ساری باتیں بتاتے ہیں، آپ کے والد صاحب لے کر گئے وہاں پر سیکرٹری کے دفتر میں ، وہ Government College کے راوین تھے اور انہوں نے وہاں پر میرے آرڈر کروائے تھے اور جا کر گورنر سے دستخط کروا کے اس کا جو باپ ہے وہ بھی پولیس میں ہے یہ کروایا تھا۔ اب ہمارے بڑوں نے تو خوب عیاشی کی۔ ریلوے کا بھی بھٹہ بٹھا دیا، واپڈا کا بھی بھٹہ بٹھا دیا، پولیس کا بھی بھٹہ بٹھا دیا یہ سارے سفارشی نظام چلا کر کیونکہ جو آپ نے بات کی کہ ذمہ داری کس کی تھی کہ کوئی ذمہ دار ہی نہیں ٹھہرایا اور آپ نے یہ ناظم بنا دیا۔ اب کیا ہوتا ہے میں وہاں بیٹھا ہوں چائے آتی ہے اور وہ بات طے ہوگئی میں کہتا ہوں ٹھیک ہے مجھے وہ گول مول باتیں کر کے کر دیتے ہیں تو میں کہتا ہوں کہ ٹھیک ہے میں کوشش کروں گا حالانکہ مجھے پتا ہے کہ وہ نہیں ہونا ۔ میرے میڈیا میں جو دوست ہیں مجھے لعن و طعن کریں گے سب کچھ he does not care, he wants that grandson to be in the police. پڑھا لکھا کتنا ہے؟ وہ جی پانچویں میں ہم نے بلا لیا تھا، اس کا دل نہیں لگا سکول میں، اس کو سکول میں کوئی استاد پسند نہیں آیا۔ پانچ پڑھا ہے اور پولیس میں اس کو بھرتی کروانا ہے I mean what is going to happen in competition, he is not going to be able to make it. So, this is the pressure. Now, the tea come. چائے آگئی اور ہم چائے پی رہے ہیں اسی کے ساتھ جو next بات ہے وہ یہ ہے کہ اس ملک کا کوئی حال نہیں۔ کیوں جی کیا ہوا ہے؟ جی یہاں پر جان و مال کا تحفظ ہی نہیں ہے۔ پتا نہیں پولیس کیا کر رہی ہے۔ کل ابھی ہمارے ہاں ڈکیتی ہوئی ہے یہاں سے سارا سامان لے گئے ہیں۔ یار بابا جوابدہ کون ہوگا یہ آپ کا سوال تھا۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں پھر سے جو شروع میں میں نے باتیں کی ہیں وہ اپنی طرف سے بہت معنی خیز باتیں کی ہیں کہ یہ جو ادارتی ڈھانچہ ہمیں تقسیم کے بعد ملا ہے اس کو بنانے کے لیے ہماری قوم نے تگ و دو نہیں کی ہے یہ انگریز کے بنائے ہوئے ہیں۔ اس میں جو خون پسینہ، جان ماری ہے انہوں نے ماری ہے کہ اس کو کس طرح سے ہمیں کرنا ہے۔ ہمیں وقتاً فوقتاً اس میں سے مراعات تقسیم کی جاتی تھیں جس کی وجہ سے ہم کہتے تھے کہ یہ بہت اچھا ہے وہ ایک level تھا جہاں تک مراعات جاتی تھیں۔ ہمارا جو تعلق ان اداروں کے ساتھ ہے وہ مراعات حاصل کرنے والا ہے اور اس میں ہم fashion بناتے ہیں۔ سیاست کا season ہوتا ہے۔ ایک season ہے، جناب آج کل کیا ہے، آج کل بنکوں سے loan مل رہے ہیں۔ اچھا جی چلیں season لگاتے ہیں کیسے لگانا ہے ابھی loan کیسے لیتے ہیں وہ فلاں جانتا ہے اس نے Banking Council میں کوئی بندہ ہے۔ پتا ہی نہیں ہے کہ textile کیا ہے، feasibility کہاں سے بنتی ہے وہ پیسے دے کر بناتے ہیں loan sanction ہوگیا جی۔ اب اس میں سے پیسے کیسے نکلتے ہیں یہ season لگ گیا۔ اگلا season کون سا آیا development fund کا ہے یہ پلاٹ بٹنے کا ہے، یہ جی پٹرول پمپوں کے لائنسوں کا season ہے۔ اگر آپ ٹرانسپورٹ کے اڈے ہیں یہ لے لیں بڑی بات ہے۔ یہ season لگا رہے ہیں۔ آج کل season ڈھونڈ رہے ہیں کوئی نا کوئی بن جائے گا۔ یہ جو آرہا ہے auditor general USAID کا شاید وہ season لگ جائے اب اللہ جانے کون سا season لگتا ہے۔ But this is the point. یہ ہم کیوں نہیں سوچتے کہ جو یونین کونسل کا ناظم ہے اس نے یہ بجٹ پاس کرنا تھا ۔ جس کے اوپر گیدڑ بولا، یونین ناظمیں نے کیا ہے وہ کونسل کے ممبر ہیں وہ کہاں سے آئے ہیں۔ وہ ووٹ لے کر آئے ہیں۔ اس level تک شاید ایجنسیاں مار بھی نہیں کرسکتیں۔ شاید ناظم کی حد تک تحصیل ناظم کی حد تک وہ کرتی ہوں گی وہ تو genuinely کچھ نہ کچھ لے کر آیا ہے۔ عوام میں اس کی جوابدہی ہے یہ تو بجٹ اس میں نے پاس کیا ہے۔ این آر بی نے تو نہیں پاس کیا۔ کیوں اس نے پاس کیا ہے؟ وہی جو بات ہے مہندی لگائے ہوئے سفید داڑھی والے بابے کی کہ پولیس میں میرا پوتا کروانا ہے اور پولیس کا حال کوئی نہیں ہے۔ یہ جواب داری ہماری قوم کو لینی ہوگی کہ ہم ووٹ کیوں دیتے ہیں؟ کس لیے دیتے ہیں؟ جو آدمی جیل سے نکل کر آتے ہیں، پتا ہے کہ یہ قاتل ہے لیکن وہ ہمارے قبیلے کا ہےتو ہم پھولوں کا ہار ڈال کر ڈول بجاتے جائیں گے اور اس کو ووٹ بھی دیں گے لیکن اس کی جوابدہی ہماری نہیں ہونی چاہیے جوابدہی ڈی سی صاحب کی کہ حکومت کیا کر رہی ہے۔ بھئی حکومت آپ کی ہے اس لیے ہم نے نعرہ بنایا تھا۔ اختیار آپ کا ذمہ داری بھی آپ کی۔ یہ این آر بی کا نعرہ تھا مقامی حکومتوں کے قیام کا۔

Madam Deputy Speaker: Sir, if you don’t mind we have very humble request from the youth parliamentarians, just two more questions.

Mr. Danial Aziz: O.K.

Madam Deputy Speaker: One from the Blue Party and one from the Green Party. Mr. Ansar Hussain and Mr. Abdullah Leghari.

Mr. Ansar Hussain: Thank you Madam Speaker. Sir you have always emphasized upon the devolution of powers to its grass root level. Sir, but why does this emphasis evaporate into thin air when it comes to its implementation in Islamabad and Northern Areas? Thank you.

جناب محمد عبداللہ لغاری: جناب والا! اس سوال کے دو تین حصے ہیں۔ ایک تو یہ کہ جب آپ نے accountability کے حوالے سے جو بات چیت کی آپ نے یہ تو بتایا کہ غریب کو پکڑ لیا جاتا ہے اگر وہ ٹماٹر اور سبزیاں اے سی کے گھر نہ پہنچائے۔ آپ نے اس بات کو point out نہیں کیا کہ جب audit کی بات اس حکومت میں شروع کی گئی تو آج سے پہلے آپ نے اس کی implementation کے حوالے سے بات کی تھی تو اگر اس کے checks and balances کو رکھا جاتااسی کے حوالے سے، internal and external audit کے حوالے سے ہر سال یا کسی ایک timeframe کے اندر تو شاید آج وہ نوبت نہ آتی کہ گورنر ہاؤس میں آپ کے سارے ناظمین پناہ لے رہے ہوتے یہ کہتے ہوئے کہ ہمارے خلاف audit ہو رہا ہے۔

دوسرا یہ کہ جس نرخنامہ کے حوالے سے آپ نے بات کی ہے۔ جب آپ کو پتا تھا کہ Toyota company میں own وغیرہ کے حوالے سے کوئی ایسی بات چیت ہو رہی ہے تو پھر آپ نے کیوں اس کے خلاف action کیوں نہیں لیا۔ کیوں ہر دفعہ ایسے ہی ہوتا ہے کہ آپ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اس بات کو public کر دیں گے bureaucracy کے سامنے لیکن کل پھر یہ بات public نہیں ہوتی تو پھر وہ vested interest کس کے ہیں ہم کب تک یہ باتیں کرتے رہیں گے کہ جی ہم نے تو کہا کہ ہم public کریں گے لیکن کل کو جب کرنے کی باری آئی تو ہم نے کہا کہ نہیں رہنے دیں ہمارے بھی کوئی interest ہیں۔

جناب رحیم بخش کھتران: آخری سوال سر۔

جناب دانیال عزیز: نہیں اب questions ہوگئے ہیں۔

جناب رحیم بخش کھتران: ایک چھوٹا سوال ہے۔

جناب دانیال عزیز: آپ سپیکر سے پوچھیں I can not say yes or no but جو بات ہوئی تھی وہ یہی تھی۔

Madam Deputy Speaker: Rahim sahib as our guest Speaker is exhausted by this time obviously he has been speaking for more than one and a half hour, you can question him during the tea break, he will be there with you.

جناب رحیم بخش کھتران: آپ بے شک answer نہ کریں سوال میرا سن لیں۔

چوہدری دانیال عزیز: آپ کی statement سن لے لیتے ہیں سوال تو نہیں ہوگا۔

جناب رحیم بخش کھتران : جناب statement یہ ہے کہ میرا تعلق بلوچستان سے ہے آپ نے چھوٹے موٹے بدمعاشوں کا صفایا کرنے کے لیے آپ خود سب سے بڑے بدمعاش کے ساتھ مل گئے۔ اس کو آپ کیسے justify کریں گے میں جنرل مشرف کی بات کر رہا ہوں۔

Mr. Danial Aziz: Thank you very much. It is interesting, you know, once when I was very young, Zulifqar Ali Bhutto came to Sialkot and by that time his political legacy had gotten a little bit warned and so there was a huge مجموعہ. This was my first experience and it etched in my mind in the Sialkot stadium. I had also gone there with my father and when he came on the stage everybody took off their shoes and showed

the back side of the shoe like this to him. They were angry about price increase and so on and so forth and he said that

ہاں ہاں مجھے معلوم ہے کہ جوتوں کی قیمت بہت بڑھ گئی ہے میں کچھ کرتا ہوں جوتوں کی قیمت کے بارے میں حالانکہ they were saying something completely different تو آپ کی desk thumping سے مجھے وہ بچپن کا واقعہ یاد آیا۔ اس میں جو پہلا سوال پوچھا گیا کہ اسلام آباد اور ناردرن ایریا میں یہ نظام کیوں نہیں آیا۔ اسلام آباد اور ناردرن ایریا کی جو configuration ہے وہ مختلف ہے باقی علاقوں سے۔ Islamabad is a capital territory اور تمام دنیا میں اگر آپ کوئی بھی capital territory دیکھ لیں تو اس میں اکثر و بیشتر وہاں پر لوکل گورنمنٹ کا سسٹم باقی ملک کے لوکل گورنمنٹ سسٹم سے مختلف ہوتا ہے۔ میں آپ کو دو بہت جلدی مثالیں دے دیتا ہوں۔ ابھی Grater Lord Mayer of London قائم ہوا ہے۔ This is a different system then let us say this Scottish Parliament or the Wales Assembly جو کہ مختلف علاقوں میں انہوں نے بنایا ہے اور اسی طرح سے واشنگٹن میں

District of Columbia has different local government connotations than the rest of the settled areas. So also in Islamabad even the 1979 ordinance was not here there is capital territory act which determines, it created the CDA, it determines relationship with the Interior Ministry and so on and so forth and one of the reasons that these systems are very different is because in most capital territories you have foreign soil. So under international laws and governance the Embassies of the respective countries are actually that country's soil in Islamabad and in order to safeguard and up hold those rights there are different applications of law that take place then in a settle district and so because of that these differences the timeline of creating these reform agendas was so tight that it was not possible to get them all done on time. So there was a sequential adoption and the police order, the Islamabad and the cantonments were three that came later on in succession. Subsequently, the Reconstruction Bureau as think tank to the Government was the job to design these and create the consensus and agree on the ladder of the law and then it was for the Cabinet to approve and implement those. So, as far as the National Reconstruction Bureau is concerned, I was the head of it from 2002 onwards and before that, we did create those laws and acts and everything, they did meet with the approval in terms of their structure and they were also applied.

اس وقت جو اسلام آباد کا لوکل گورنمنٹ ایکٹ ہے وہ enforce ہے لیکن اس کی جو implementation کی date ہے وہ by notification ہونی ہے تو وہ حکومت کا کام ہے۔ اسی طرح Cantonment Acts کا issue ہے۔

جو Northern Areas ہے اس کا case تھوڑا سے مختلف ہے۔ Northern Areas کو federal mainstream میں integration کا issue جو ہے اس کا تعلق ہے کشمیر کے ساتھ ہے۔ Kashmir and Northern areas there is a dispute as to whether or not اگر کل کو plebiscite ہوتی ہے تو آیا plebiscite کے جو پولنگ ہونگے اس میں ناردرن علاقوں کی آبادی شامل ہوگی یا نہیں ہوگی۔ پاکستان کی ایک interpretation ہے کہ وہ شامل ہوگی اور ان کے شامل ہونے سے پاکستان کا خیال ہے کہ پاکستان کو بہت زیادہ بہتر result ملے گا کہ کشمیر کس کروٹ بیٹھنا چاہتا ہے۔ اس طرح آزاد جموں و کشمیر کو ہم نے ایک علیحدہ ریاست کی شکل دی ہوئی ہے with in the sort of confinement with the federation اسی طرح سے ناردرن علاقوں کے معاملات کچھ علیحدہ سے ہیں۔ وہاں پر جو حیرانگی کی بات یہ ہے کہ لوکل گورنمنٹ وہاں پر موجود ہے اور ان کے اوپر پھر ایک کمیشنر ہے۔ ماضی کے سسٹم کے تحت اور ابھی انہوں نے ایک legislative council بھی بنائی ہے جس میں کچھ laws with the approval of the Commissioner وہ بنا سکتے ہیں وغیرہ وغیرہ

So there is resemblance of a local government but there is no MPAs, no Senators and no MNAs. Surprisingly, the opposite shape of that in FATA we don't have

a local government, we have political agent system but we do have MNAs and Senators but no MPAs.

لہٰذا یہ جو ungovered spaces ہیں یا integration کے issues پاکستان کے ہیں

they have historical reasons and even though I do not agree with them and we did set out to solve these issues and we got quite for a long but in the case of northern areas which specifically you have asked this became stumbling block. The real reasons are quite different. There is a huge economy there which is controlled by the bureaucracy and those posts of the logistics and the commissionerate and the judges posts and all those things there are there, a huge development funds involved and so on and so forth and if that were to revert to democratically elected government, of course, that would change significantly in terms of the federations ability to distribute that patronage that would then shift to Gilgit or whatever the capital would become. I hope that is the answer of your question.

جہاں تک آپ نے accountability کی بات کی

I think that is an excellent question and with the permission of the Chair I would like to dilate on that a little bit. In the terms of the government of the executives there is a post or designation known as the principal accounting officer and the system of financial management we have in Pakistan at the federal and the provincial level is delineated by a rule system called – delegation of financial powers rules. It is actually a booklet and what that does is for each attached department or structure of Government, it determines the extent to which the financial powers with that individual are available,

کہ وہ کتنی حد تک اپنا قرضہ، تنخواہیں، الاؤنسز وغیرہ sanction کرسکتا ہے، یہ سب charts بنے ہوئے ہیں اس میں یہ ساری چیزیں بتائی ہوئی ہیں میں اس آپ کو بتا رہا ہوں تاکہ آپ کو تھوڑا سا curiosity level بڑھے آپ جا کر یہ چیزیں دیکھیں یہ عام طور ایم این اے اور ایم پی اے کو کبھی کبھو ان کی جیب میں چٹیں ہوتی ہیں وہ جا کر ہم نے کام کروانا ہوتا

but to actually study the way the system works then you can think about reforming it. This is why I am going into some level of detail. But anyway the principal accounting officer and the administrative unit or the top most animals in the hierarchy of who can do what in terms of financial decision making and so in order to provide autonomy to the district and their local fund which is the amount of money they have to budget upon, the district coordination officer was made the principal accounting officer and not the nazim. Also in the case of provincial chief executive, it is not the chief executive i.e. chief minister who is the principal accounting officer, it is the chief secretary and its department has. Similarly, a minister is not the principal accounting officer, it is the secretary of the department.

اسی طرح سے اسی pattern پر DCO principal accounting officer بنایا گیا۔ اب اگر آپ نیشنل اسمبلی کی public accounts committee کی میٹنگ دیکھیں یا صوبائی اسمبلی کی تو وہاں پر کون پیش ہوتا ہے؟

Principal Accounting Officer. He is the one that if the audit decision is taken he is responsible. Not the elected person because he is the technical body who is responsible for interpreting the rules, responsible for making decisions in accordance with the rules and informing the policy making authority what is allowable and what is not allowable because he has been trained over a period of years to be able to do that function. He has gone to probation, he has been in course so on and so forth.

اب ڈسٹرکٹ level پر body نے budget کی accountabilityکرنی ہے کہ جو اخراجات ہوئے ہیں یا جو funds کا misuse ہوا ہے وہ ڈسٹرکٹ کونسل کی public accounts committee ہے۔ District Council's public accounts committee پورے district council کے ممبران کے ذریعے ایک election کے ذریعے

ہوتی ہے جو باقاعدگی سے پاکستان میں ہوئے۔ جب election ہو جاتا ہے تو اس کمیٹی کا چیئرمین ہوتا ہے اس چیئرمین کو monthly account بھی ملنا ہوتا ہے اور audit report ہر سال کونسل میں table ہو کر اس کو بھیج دی جاتی ہے تاکہ وہ اس پر اپنا کام شروع کرے۔ چونکہ اس نظام کے آنے سے پہلے صوبائی ادارہ ہوتا تھا local funds accounts and audit جو کہ مقامی حکومتوں کا account audit کرتا تھا۔ ۱۹۷۹ کی مقامی حکومتوں کا تو اس نظام میں چونکہ پیسے مقامی سطح پر بہت زیادہ جا رہے تھے decision makingکے لیے تو جو best possible institutional structures in Pakistan تھے کوشش یہ کی گئی کہ ان کو وہاں پر install کیا جائیں اور آئین کے مطابق Auditor General پورے پاکستان کا ذمہ دار ہے کہ وہ audit کرے۔ So the Auditor General under the law was made responsible for the audit and the district accounts office which was managing the provincial consolidated fund previous to the introduction of this system was made responsible for the local fund جو کہ پہلے provincial local government department کے پاس ہوتا تھا تو اس سارے کو Audit and Accounts Service کے upgrade کیا گیا۔ پہلی مرتبہ principal accounting officer جو district level پر تھا وہ elected representative at the district level کے سامنے at least قانونی ڈھانچے کے مطابق وہ جواب دے ہوگیا۔ جب یہ لوکل گورنمنٹ سسٹم چلنے لگا تو Auditor General کے ساتھ ہم نے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ ہم تو کر نہیں سکتے اتنی بڑی ہمارے پاس capacity نہیں ہے یہ ہے وہ ہے تو ایک ہزار نئے officers کے لیے space create کی گئی تنخواہیں Auditor General کو دی گئیں کہ وہ مقامی سطح پر audit کروا سکیں تو ان کی training ان کے سب لوازمات ان کو دیئے گئے۔ پہلے سال کے بعد 100 districts تھے اب بڑھ گئے ہیں وہ تیار ہوگئیں وہ بڑی خوبصورت سبز رنگ کے اس میں کتابچے ہیں Auditor General کا لکھا ہوا ہے ان کے دستخط ہیں ۔ وہ آئین کے مطابق Auditor General نے متعلقہ گورنر صاحب کو بھیج دیے اور گورنر صاحب نے چیف منسٹر سیکرٹریٹ کو بھیج دیئے اور وہاں سے وہ لوکل گورنمنٹ کے سیکرٹری کےپاس چلے گئے۔ یہ سارا ہمیں ایسے پتا چلا کہ ہم نے جب پتا کروایا یہ bureaucracy نے یہ بات اجاگر کی کہ اتنی corruptionبڑھ گئی ہے اس نظام کے آنے سے، اتنی تباہی ہوگئی ہے ہم مر گئے ہیں لٹ گئے ہیں ۔ دیکھیں ہم اتنا control, checks and balances کرتے تھے وہ سب تباہ ہوگئے ہیں اور بے دریغ funds کا misuse ہو رہا ہے اور یہ سب کچھ ہو رہا ہے یہ انہوں نے اخباروں میں اٹھایا۔ ہمیں direction آئی کہ inquire into this and find out what is going on. نیشنل اسمبلی کے سوالات آنے شروع ہوگئے یہ سارا انہوں نے motivate کیا so we went in جیسے ہم کرتے ہیں ہم نے پھر ایک ایک چیز کو پھرولنا شروع کر دیا۔ جب ہم نے یہ پتا کروا لیا کہ اچھا Auditor General نے audit report بھی بنا دی ہے وہ گورنر کے پاس بھی چلی گئی ہے۔ چاروں گورنر ہاؤس میں فون کیا پتا کروایا انہوں نے کہا کہ ہم نے تو چیف منسٹر کو بھیج دیا ہے وہاں سے پتا کروایا انہوں نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں بھجوا دی ہے۔ لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں جب ہم نے پتا کروایا تو انہوں نے کہا جی کہ ہاں وہ ہمارے پاس ہیں لیکن ہم نے ضلعوں میں نہیں بھیجیں۔ ہم بڑے حیران ہوئے ہم نے کہا کیوں؟ انہوں نے کہا کہ public accounts committees بنی ہی نہیں ہے پتا نہیں کیا ہوگا ہمیں نہیں پتا۔ So we called a meeting of the Chief Secretaries in NRB and the local government secretaries and we said کہ یہ جو audit process ہے آپ اس کو چلائیں اگر فرض کریں ہم یہ and what they said was that audit report district councilکو بھیج دیتے ہیں تو وہ اس کے ساتھ کیا کریں گے ۔ ہم نے کہا کہ وہ table ہوگی اور public accounts committee کو refer ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا وہ تو ٹھیک ہے پھر کیا ہوگا؟ ہم نے کہا پھر وہ calendar دیں گے کہ یہ جو points audit کے آئے ہیں ان کو ہم فلاں فلاں تاریخ کو سنیں گے اور Auditor General کا نمائندہ اس دن کے لیے حاضر کیا جائے گا تاکہ وہ technical side explain کرے elected representatives کو۔ ہاں جی وہ تو ٹھیک ہے لیکن ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی طرف سے کون جائے گا؟ ہم نے کہا کہ principal accounting officer جائے گا۔ ظاہری بات ہے، انہوں نے کہا کہ پھر کیا ہوگا؟ ہم نے کہا کہ پھر وہ اپنی recommendations دیں گے کہ ہم اس کو let دیتے ہیں یا اس کو recovery ڈالی جائے یا اس کو major or minor penalty جانی جائے اور پھر وہ audit para کا resultبن جائے گا اور پھر وہ implementation کے لیے جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دیکھیں یہ نہیں ہوسکتا۔ یہی تو مسئلہ ہے اسی لیے ہم نے public account committee کہا کہ انہوں نے پہلے اس سے Sorry۔ audit reports نہیں بھیجی ہیں۔ ground پر ہی نہیں ہیں ہم کس کو بھیجیں ہم نے پورے پاکستان کا surveyکیا جس میں الیکشن کی تاریخ، اس کا notification کون وہ لوگ ہیں ان کی کتنی meetings ہوئی ہیں اور ان کی meetings کے minutesہر ضلعے کے ہم نے منگوا لیے۔ اس کے ساتھ ان کے ٹیلیفون نمبر، شناختی کارڈ نمبر سب کچھ ۔ So we were

کہ جی یہ تو کوئی public sitting in this meeting with the chief secretaries and they said accounts committee بنی ہی نہیں ہے ہم کیا کریں کس کو بھیجیں۔ تو I I said hold on a minute میں نے اپنے cell phone سے میں نے کہا کہ ایک دو چیئرمینوں سے میں بات کرواتا ہوں۔ With the mike on of the phone I saidکہ جی آپ کون صاحب بول رہے ہیں he said میں چئرمین پبلک اکاؤنٹ کمیٹی بول رہا ہوں۔ اچھا انہوں نے کہا ٹھیک ہے سمجھ آگئی وہ بنی ہونگی پھریہ ساری بحث ہوئی جو میں آپ کو بتا رہا ہوں۔ پھر جب end ہونے لگی تو انہوں نے کہا کہ جی آپ کو اس بات کا پتا نہیں ہے کہ جو principle accounting officer ہے وہ ڈی سی او ہے۔ میں نے کہا ہاں جی، ڈی سی او ہے قانون کے مطابق تو انہوں نے کہا پھر یہ بھی آپ کو پتا ہونا چاہیے کہ مقامی سطح پر ڈی سی او صاحب عوام کے سامنے پیش نہیں ہوتے۔ عوام ڈی سی او کے سامنے پیش ہوتی ہے تو ہم یہ کریں گے کہ ہم یہ آڈٹ رپورٹس اداروں کو بھیج دیتے ہیں with recommendations that وہ اس کے اوپر فیصلہ کر دے departmental accounts committee which is a bureaucratic body اور اس طرح سے ہم اس کو کر سکتے and I said but that is not what the law says and they said کہ بس جی ہم یہی کر سکتے ہیں ہم کوشش کرتے ہیں دیکھتے ہیں جا کر۔ یہ جو آئین implement نہیں ناں ہوا جو میں نے آپ کو شروع میں بات کی جو یہ صورت حال ہے پھر شہباز شریف صاحب چیف منسٹر بن گئے اور انہوں یہ کہا کہ پرائیویٹ سیکٹر سے تحصیلوں کا آڈٹ کروائیں گے وہ سب کچھ۔ ایک ٹی وی پروگرام پر مجھے بلایا گیا on Geo which is quite popular one the name Jawabde and I was seated a long side unusual to that, that is one on one but in this case they also called a gentleman advisor to the ان کا نام تھا وہ representative of the Punjab Government, Parvaiz Rashid ہیں۔تو وہ پروگرام مقامی حکومتوں پر تھا کہ یہ جو آپ آڈٹ کرنے جا رہے ہیں Chief Minister Punjab accountability کرنے جا رہے ہیں تو میں نے اس پروگرام میں اس کی recording available ہے میں نے ہاتھ باندھے کہ آپ لوگوں کو blind alley میں لیا جا رہا ہے یہ صرف propaganda استعمال ہو رہا ہے کہ آپ لوکل گورنمنٹ کی لعن و طعن کریں اس میں public accountability نہیں نکلنی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ جو تمام آڈٹ رپورٹس آپ بنا رہے ہیں یہ تو پہلے ہی پڑی ہوئی ہیں اس پر کروڑوں روپے خرچ ہوئے ہیں۔ وہ آپ کیوں نہیں implement نہیں کرتے پرائیویٹ سیکٹر سے نئے تو آپ تب کروائیں کہ وہ خارج کر دی گئی ہیں وہ صحیح نہیں تھیں یا ان کو implement کرنے باوجود یہ لوگ بچ گئے ہیں اور اب ہم مزید ایک نئے process میں جا رہے ہیں۔ جب وہ موجود ہیں ان کے اوپر ایکشن ہی نہیں، ان کو تو آپ کھول کر دیکھیں کہ اس میں کیا ہے اس سے پہلے کہ آپ نیا خرچہ کرنا شروع ہو جائیں یہ بات ان کو سمجھ آگئی کہ واقعی ہمیں hoodwink کیا جا رہا ہے تو they went back and they started looking at that ابھی آپ نے جو گورنر کی بات کی آپ کو یاد ہوگا کہ پہلے یہ خبریں آئیں اور پھر ایک اشتہار آیا کہ جو auditor general کی رپورٹس ہیں اس میں اتنا غبن لکھا ہوا ہے تو وہ shiftہوگیا private sector accounting firmsسے اب آڈیٹر جنرل کی بات پر آگئے اور پھر آڈیٹر جنرل کا خط آگیا کہ یہ ڈسٹرکٹ کی public account committee سنے گی اس کا process انہوں نے بتایا تو پھر یہ بات مدہم ہوگئی۔ اسی طرح ہے جس طرح میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ این آر بی میں انہوں نے آکر کہا کہ ہم پیش نہیں ہونگے۔ تو کدھر گیا وہ جذبہ، وہ ولولہ۔
You see what I am saying. Please try to understand what is really going on here.

Madam Deputy Speaker: Thank You very much.

Ch. Dinial Aziz: One question left about my association with the Army or the army regime and what I would like to tell you is that the day that the assembly was suspended by the army on 12 October I was in a Ittefaq hospital model town Lahore because I had a car accident and I had a knee surgery that I had just been completed.
جب میں ذرا چل پھر سک رہا تھا تو یہاں پر ایک دوست کی شادی تھی تو میں اسلام آباد آیا۔ ابھی میں crutches پر تھا تو ایک میٹنگ عمر اصغر خان کی صدارت میں بلائی گئی جو کہ اس وقت لوکل گورنمنٹ کے وزیر appoint ہو چکے تھے اور میں ایک suspended MNA تھا ابھی تک وہ اسمبلی ختم نہیں کی گئی تھی صرف suspend ہوئی تھی تو اس میٹنگ میں میرے سے لوکل گورنمنٹ کے بارے میں جانچنا چاہ رہے تھے۔ ان کو پتا تھا کہ اس پر بہت زیادہ لکھتا رہا ہوں۔ میں وہاں crutches پر چلا گیا تو وہاں پر جو بحث ہوئی اس میں کوئی خاطر خواہ معلومات مجھے حاصل نہیں ہوئیں کہ یہ کوئی نئی چیز کرنے کو جا رہے ہیں ایسے ہی اوت پتنگیاں مار رہے تھے۔ وہاں پر

کمرے کو کونے میں ایک شخص بالکل خاموشی سے بیٹھا ہوا تھا۔ جب ہم کمرے سے نکل کر باہر جانے لگے تو انہوں نے مجھے اپنا کارڈ دیا اور انہوں نے کہا کہ میرا نام جنرل نقوی ہے اور آپ کی باتیں سن کر میں بڑا خوش ہوا ہوں اور آپ سے ملنا چاہتا ہوں۔ آپ کے پاس کسی وقت میرے پاس دفتر میں آئیں۔

I went to his office. I did not know at that time who was he. He had not been appointed as chairman as the Chairman, NRB. NRB did not even exit at that time but suddenly on the card there was office in the Prime Minister Secretariat and I went there, he was sitting behind a desk and there was some staff or something like that. So we had a long discussion about local government and I came to realize that perhaps this regime really is sincere about doing something about local government because I had been working in local government and I had working with PPP and PML (N) in the respective regime in the province in the federation as an independent MNA in 1997 as a member of Zila Council in 1991 and so on and so forth. It was actually that meeting that convinced me that we can actually do something and no political landscape of Pakistan I had realized that the status quo is so entrenched and so powerful that without this kind of initiative it not it is not going to be possible to change things and I spent the rest of my life as my father did for 60 years running around with some chits of papers in my pockets trying to get odd jobs done for my constituency, may be making a scheme or too or some aspect of agriculture or something like that but not really bringing power to the people at the local level. Still figuring out who is going to be DC and try and get closed to him so that
میری بے عزتی ضلع میں عوام کے سامنے نہ ہو جائے that kind of I was not too excited about that,
things. میں وہ دیکھ چکا تھا وہ والی سیاست۔ اس طرح سے آپ سمجھ سکتے ہیں ہم in ties ہوئے۔ اس کے بعد
میں وہاں United Nations کا consultant رہا۔ ان کے پاس ایک fund تھا وہ میں کام کرتا رہا۔ جیسے جیسے
وقت گزرا واقعی میں نظر آنا شروع ہوا کہ یہ کچھ کرنے کو جا رہے ہیں۔ اس کے بعد جب یہ devolution plan
implement ہوگیا تو آپ نے خود ہی دیکھ لیا کہ اس میں کافی تبدیلی تھی۔ ماضی میں ایوب خان اور ضیاء الحق تو
بیوروکریسی کے ساتھ hand in glove تھے۔ اس میں عوام کو ترجیح دی گئی تھی کہ نہیں آپ لوگ ہوں گے۔ اس
میں الیکشن کے mishaps ہوئے جیسے میں آپ کو حمایت یافتہ کی بات خود ہی بتائی ہے۔ اس میں ہماری بہت
ناراضگی بھی ہوئی کہ یہ غلط ہو رہا ہے یہ ہو رہا ہے وہ ہو رہا ہے لیکن اس کے باوجود چونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ
balance reforms کی طرف زیادہ ہے یہ غلط کاریاں پہلے بھی ہوتی تھیں اور ہم ساتھ ساتھ چلتے رہے۔ So this was the story of how I got involved. I did not get involved to try and… I had a huge
political deficit مجھے پرویز الہٰی نے اور ان ساروں نے مل جل کر میری وہ حالت بنا دی میرے اپنے علاقے
میں جو کہ شاید کبھی نہ تھی local standing کے حوالے سے لیکن یہ ضرور ہے کہ مجھے پتا تھا کہ یہ قربانی
جائز ہے کہ اگر خدارا یہ نظام چل گیا اور پاکستان کے ذہن میں یہ بات بیٹھ ہی گئی کہ متبادل نظام بھی ہو سکتے ہیں
فرض کریں یہ ختم ہی ہو جا ئے اور اس کے بعد آنے والی generations نظام تشکیل کرنے کی سوچ پیدا کر لے کہ
ہمارے میں یہ قوت ہے کہ ہم صرف ایک reactive عوام نہیں ہے کہ حکومت فیصلہ کرتی ہے اور ہم اس کو اچھا یا
برا بولتے بلکہ ہم ایک نظام تشکیل دے سکتے ہیں وہ اگر ایک متبادل سوچ بھی پیدا ہوگئی تو یہ this will be a life
well spent اور آپ یہ risk لے جائیں۔ But as time when on things did change اور میں آپ کو
turning point بتاتا ہوں personalities were important. Turning point یہ تھا کہ جب کچھ لوگ جو
bureaucracy سے منسلک تھے میں نام بھی لے دیتا ہوں۔ There is a gentleman named Tariq Aziz,
he convinced the President on a very technical point جو کہ بظاہر معمولی سا لگتا ہے لیکن اس کے
امکانات بہت زیادہ تھے۔ وہ یہ تھا کہ دیکھیں جی آپ تو idealism کی طرف جا رہے ہیں ۔ politics میں you
have to be pragmatic تو جو ground realities ہیں اور یہ چیزیں ان کو دیکھتے ہوئے اپنے فیصلے کریں ۔
جس دن ہم اس idealism کے مشکل راستے سے چاہے ہماری رفتار دس کلو میٹر تھی یا سو کلو میٹر تھی یا ہم
standstill تھے یا اس راستے پر کھڑے تھے وہ چھوڑ کر ہم pragmatism والے راستے پر آگئے تو the rest
was history پھر انہوں نے کہا کہ ناظمین چھوڑیں یہ bureaucracy کے کمالات ہوتے ہیں۔ یہ جی ہر یونین
کونسل میں water filter scheme لگا دیں۔ خدا کے بندے کیا ہم بات کر رہے تھے اور کدھر تم typical

captain والی سوچ کہ اتنے فلٹر ہونگے، اتنے بندے کھڑے ہونگے، ایسے لائن میں چونا لگے گا یہ وہ۔ کدھر یار پہنچ گئے۔ دیکھیں اس کا کیا حال بن گیا۔ So this is what actually happened and I would say you know کہ آپ کی بات ٹھیک ہے knowing full well وہ کہتے ہیں کہ کچھ شہر دے لوگ بھی ظالم سن، کچھ سانوں مرن دا شوق بھی سی۔
So, that is how I got involved. Anyway, I Hope, I have answered all your questions. Thank you.

Madam Deputy Speaker: Thank you very much. Sir if you could kindly stand in for a minute, the Leader of the House and the Leader of the Opposition would like to thank you and present the souvenir on behalf of the Youth Parliament Pakistan after which the session will be adjourned till 1.00 P.M.

جناب احمد علی بابر: ہمارے سامنے کچھ biased reporting وغیرہ ہوتی ہے اس سے زیادہ بہتر تھا کہ ہم لوگ insightful debate سنتے اور جو اندر کی بات تھی اور جو actually پاکستان کے نیشنل Seen کےاوپر لوکل گورنمنٹ کے بارے میں ہوا وہ آج تک ہمارے سامنے نہیں آیا اور آج یوتھ پارلیمنٹ کو یہ تقریر سننے کا موقعہ ملا ہے اور ہمیں اصل بات پتا چلی کہ لوکل گورنمنٹ کا سسٹم کیا ہے اور اس کی implementation کیا تھی اور اس کے کس طرح کے effect پاکستان کی نیشنل سیاست پر آئے ہیں۔ میں گرین پارٹی اور بلیو پارٹی کی طرف سے پورے یوتھ پارلیمنٹ کی طرف سے آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ یہاں پر تشریف لائے ہیں اور ہمیں actual insight دی ہے کہ لوکل گورنمنٹ کا سسٹم کیا ہوتا ہے آپ کا بہت بہت شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: The Session is adjourned till 1.00 P.M.

(The House was then adjourned for tea break till 1.00 P.M.)

(The House was then reassembled at 1.00 P.M. with Madam Deputy Speaker, Kashmala Khan Durrani in the Chair.)

Madam Deputy Speaker: if you both can kindly come and present the souvenir to the Honorable guests.

Madam Deputy Speaker: Please be seated. The next Resolution is by Mr. Zamir Ahmed Malik.

Mr. Zamir Ahmed Malik: “This House is of the opinion that the upcoming local Government Elections should not be conducted on non-party basis and political parties should be allowed to run for Local Government Elections.”
میں چاہوں گا کہ اگر پہلے دو چار دوست بول لیں کیونکہ سیاست سے تو سب کو allergy ہے اس وجہ سے یہاں پر سیاست کی بات ہوئی ہے ۔ میں آخر میں conclude کر لوں تو بہتر ہوگا۔

جناب عثمان علی: ضمیر صاحب پہلے بتائیں کہ یہ resolution کے پیچھے logic کیا ہے کیوں لائی گئی ہے تبھی ہم کچھ criticism وغیرہ کریں گے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: ضمیر صاحب آپ اس کا ذرا background explain کردیں اور purpose behind the Resolution just a brief discussion اور ہم آپ کو end میں بھی موقع دے دیں گے کیونکہ clarification جتنے بھی لوگ مانگیں گے تو we will give you a chance to speak in the end.

جناب ضمیر احمد ملک: محترمہ سپیکر! لوکل گورنمنٹ کے بارے میں ہمیشہ یہ کہا گیا کہ یہ dictators کا دیا ہوا نظام ہے۔ 1962 میں ہم اسے ایوب خان کا گھنٹہ گھر کہتے ہیں اس میں بھی جس طرح کی شقیں تھیں وہ ایک

dictator کی طرف گھومتا تھا اور پھر ضیاء الحق نے RCO کے تحت 1985 میں انتخابات کروائے ۔ اس میں بھی کچھ مماثلت تھی اور پھر جب پرویز مشرف نے یہ نظام 14th August 2001 کو ایک آرڈیننس کے تحت نافذ کیا تو یہ تینوں نظام یا لوکل گورنمنٹ کا جو idea ہے وہ dictators کی طرف سے آیا ہے۔ چونکہ یہ dictators کی طرف سے آیا ہے لیکن پھر بھی ہم اس system کو oppose نہیں کرتے کیونکہ devolution of power کا مقصد عام عوام کو طاقت دینا ہے۔ یہاں جو resolution میں لے کر آیا ہوں جس کا مقصد upcoming local government کے جو elections ہیں جو ہونے تو اکتوبر یا نومبر کے مہینے میں چاہیئیں انشاء اللہ تعالیٰ وہ سیاسی بنیادوں پر ہوں۔ جناب سپیکر! جب الیکشن غیر سیاسی بنیادوں پر ہوتے ہیں تو وفاداریاں تبدیل کی جاتی ہیں ۔ ہوتا یہ ہے کہ کونسلر اور نائب ناظمین یا ناظم ، ایک ناظم پیسے دے کر کونسلروں کو خرید لیتا ہے۔ اگر کچھ عرصے کے بعد دوسرا بندہ آتا ہے تو پھر انہی کونسلرز کو خرید لیا جاتا ہے۔ شہر کراچی میں جب یہ الیکشن ہوئے تو ایسا بھی دیکھا گیا کہ کونسلر حضرات کو اغوا کیا گیا۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہمارا culture برادری والا culture ہے ۔ وہاں پر جو ووٹ دیا جاتا ہے وہ برادریوں کو دیا جاتا ہے۔ اور آپ غیر سیاسی الیکشن کروا کر ہم پاکستان کو جمہوری culture کی طرف لے جانے کی بات کر رہے ہیں تو وہاں سیاسی culture کا ہونا بہت ضروری ہے۔ اب اگر آنے والے الیکشن سیاسی بنیادوں پر ہونگے تو چونکہ سندھ اور کراچی میں دو مخالف پارٹیاں ساتھ بیٹھی ہیں اور ایک national reconciliation کی پالیسی چل رہی ہے۔ اگر یہ جماعتی بنیادوں پر کروائے جائیں گے تو میرا خیال ہے قتل و غارت کم ہوگی لیکن اگر یہ غیر سیاسی بنیادوں پر کروائے جائیں گے تو قتل و غارت ہوگی۔ کیونکہ یہاں پر national reconciliation کی بات چل رہی ہے تو تمام پارٹیاں کسی نہ کسی سیٹ پر adjustment کریں گے اور وہ الیکشن میں حصہ لیں گی، چونکہ ان کو قومی حکومت میں رہنا ہے تو وہ قتل و غارت سے باز رہیں گے اور اس طرح کے حالات نہیں بنائیں گے اگر غیر سیاسی بنیادوں پر ہوں گے تو کوئی غیر سیاسی بنیادوں پر کوئی پارٹی نہیں ہوتی بلکہ مختلف groups ہوتے ہیں اور حقیقت کی طرف میں لے کر جاؤں گا کہ جو کہا گیا کہ الیکشن غیر سیاسی ہوتے ہیں۔ کراچی کا ناظم ایم کیو ایم کے اجلاسوں کو attend کرتا ہے۔ لاہور کا جو ناظم ہے ان کا کسی زمانے میں اسلامی جمعیت طلبا سے تعلق رہا اور پھر ق لیگ سے تعلق رہا ۔ سندھ کے بہت بڑے ضلع دادو میں ملک اسد سکندر ان کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے رہا۔ یہ غیر سیاسی تو ہے نہیں سارے سیاسی لوگ ہیں تو پھر غیر سیاست کا رنگ کیوں۔ بنیادی طور پر میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ جتنے بھی آمر آتے ہیں یہ پاکستان میں سیاسی پارٹیوں کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ اب ہمارے پاس یہ موقع ہے کہ ہم سیاسی پارٹیوں کو مضبوط کریں کیونکہ جب سیاسی پارٹیوں کے امیدوار UC level پر آئیں گے تو وہ سیاسی پارٹی جو اوپر سے مسلط ہے ان کے اثرات کم ہوں گے۔

اس کے بعد یہ جو لوکل حکومت کاجو funds کا نظام ہے۔ Funds کا flow اوپر سے ہوتا ہے۔ جب fundsکا اوپر سے flow ہوتا ہے تو اوپر تو سیاسی جماعتیں بیٹھیں ہوئی ہیں، نیچے غیر سیاسی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ غیر سیاسی لوگوں کے پاس اتنی powers نہیں ہے کہ وہ سیاسی جماعتوں سے بات کر سکیں بیچارے جو کام کرنا بھی چاہتے ہیں ان کا کام اس وجہ سے رک جاتا ہے کہ جو اوپر national level پر سیاست چل رہی ہے وہ سیاست ہے اور جو نیچے ہے وہ غیر سیاسی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں ۔ کچھ سیاسی لوگ بھی بیٹھے ہوئے ہیں بہرحال غیر سیاسی لوگوں کی بات ہو رہی ہے تو اوپر سے جب flow of fundsہوگا اور نیچے بھی سیاسی لوگ ہونگے تو میرے خیال میں ایک جیسا کام ہوگا۔

اس کے بعد ہمارے ایک سپیکر نے بات کی کہ ناظمین کا کام price control کرنا ہے۔ میں آپ کو بتا دوں کہ میرا تجربہ پنجاب کا نہیں ہے چونکہ میرا تعلق شہر کراچی سے ہے۔ شہر کراچی میں جو UC ناظم ہے وہ تعلیم کو کنٹرول نہیں کرتا۔ سٹی ناظم تعلیم کو کنٹرول کرتا ہے۔ اب سٹی ناظم جب تعلیم کو کنٹرول کرتا ہے ، جیسے papers ہو رہے ہوتے ہیں تو اوپر سے کچھ forces آتی ہیں تعلیم میں نقل بھی چل رہی ہے اور پھر وہ اساتذہ کی بھرتیاں ہو رہی ہیں۔ ابھی حال ہی میں جو اساتذہ کی بھرتیاں ہوئی وہ ساری سٹی ناظم کے ذریعے ہوئیں چونکہ UC ناظم کے پاس تعلیم نہیں ہے۔ اسی طرح میں یہاں پر ایک اور سوال کروں گا کہ غیر سیاسی لوگوں کا کیا کام ہے کہ وہ sewerage کو چلا رہے ہیں، Water Board کو چلا رہے ہیں، Revenue کو چلا رہے ہیں جب یہ غیر سیاسی لوگ آتے ہیں تو UC level پر جو revenue generate ہوتا ہے اس revenue میں بھی بڑے گھپلے ہوتے ہیں۔ سیاسی پارٹی اقتدار میں ہوتی ہے اور اس کو revenue چاہیے ہوتا ہے تو وہ revenue لینے کے لیے جب وہ جائے گی اور اگر نیچے غیر سیاسی بندہ ہوگا تو وہ revenue میں گھپلا کرتا ہے۔ اگر اسی پارٹی کا اپنا ناظم یا یو

سی ناظم ہوگا تو کم از کم اپنی نیشنل پارٹی حکومت میں ہوگی اس کو برابر اور صحیح طریقے سے revenue generate کر کے دے گا۔

جناب عمیر فرخ راجہ: میں نے تھوڑی correction کرنی ہے اگر آپ مہربانی کریں تو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔

جناب عمیر فرخ راجہ: یہ غیر سیاسی بار بار کہہ رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ غیر جماعتی ہے۔ سیاسی ہوتا ہے مگر اگر اس کا تعلق جماعت سے نہ ہوں۔

جناب ضمیر احمد ملک: جناب یقینا یہ غیر جماعتی ہی تھا اور میں نے شاید غلط استعمال کیا۔ لیکن اگر آپ دیکھیں تو جس ناظم کو دیکھ لو وہ سیاسی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ ضمیر صاحب تشریف رکھیے۔

جناب نیاز مصطفی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نیاز صاحب ہماری ایک اور resolution ہے اور we have to end up by 1.30 so, I can not allow point of order. جی نشاط کاظمی۔

سید محمد نشاط الحسن کاظمی: بہت شکریہ محترمہ سپیکر صاحبہ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک decent Resolution آئی ہے لیکن اس کے اندر treasury benches کو کچھ مزید room دینا چاہیے تھا خاص طور پر ضمیر صاحب نے کافی اچھی تقریر کی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ لوکل حکومت کا جو نظام آیا تھا وہ بنیادی طور پر ایک اصول پر آیا تھا اور وہ اصول یہ تھا کہ عوام کی حکومت ، عوام کے لیے، عوام کی طرف سے اور اس کے اندر جو ڈھانچہ بنایا گیا تھا وہ یہ تھا جو لوگ ہونگے وہ grass root level پر اپنے representatives elect کریں گے اور پھر hierarchyاوپر کی طرف چلے گی، پہلے صوبائی حکومت کی طرف اور پھر صوبائی حکومت سے مرکزی حکومت کی طرف۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب ہم پارٹی بنیاد پر الیکشن کروانے کی بات کر رہے ہیں تو definitely ہمیں اس چیز کو support کرنا چاہیے لیکن ہمیں اس چیز کا احساس بھی کرنا چاہیے کہ اس نظام کے تحت کئی آزاد امیدوار بھی ابھر کر سامنے آتے ہیں اور عوام سے support حاصل کرتے ہیں اور جو ان کی personality اور جو ان کا منشور ہوتا ہے وہ ان کو attract کرتا ہے تو میرے ذاتی خیال کے مطابق ہم لوگوں کو یہ choice عوام پر چھوڑنی چاہیے کہ وہ پارٹی کے امیداور کو support کریں یا پارٹی کے امیدوار کو نہ support کیں۔ اصولی طور پر پارٹی بنیاد پر ہی الیکشن ہونے چاہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی رفیق وسان صاحب۔

جناب محمد رفیق وسان: شکریہ محترمہ سپیکر! ضمیر ملک صاحب بہت اچھی Resolution لائے ہیں۔ اگر ہم جو ابھی لوکل حکومت کا نظام چل رہا ہے اس کا analysis کریں تو اس میں کہا تو یہ گیا تھا کہ یہ non-party basis پر ہوگا مگر practically ہوا یہ کہ جو different panels بنے وہ حق پرست بنا، عوام دوست بنا یا جو بھی بنے تو انہوں نے نام تو بدلے مگر وہ سیاسی تھے اور جماعتی بنیادوں پر تھے۔ اوپر سے پارٹی کا نام نہیں تھا مگر تھے وہ سیاسی ہی تھے، جماعتی بنیادوں پر تھے۔ Practically پاکستان کے political cultural میں نہیں سمجھتا کہ without party, غیر جماعتی بنیادوں پر میں نہیں سمجھتا کہ یہ ہو سکتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ لوکل حکومت کا جو الیکشن آئے گا اس کو پارٹی کی بنیاد پر کروایا جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی نیاز مصطفی۔

جناب نیاز مصطفیٰ: میڈم سپیکر شکریہ۔ ضمیر صاحب نے جو Resolution پیش کیا ہے یہ بہت عمدہ ہے اور ان کی جو سیاسی بصیرت ہے وہ اس کی عکاسی کرتی ہے۔ چونکہ یہ سیاست میں کام کر رہے ہیں ان کو اصل حقائق اور مسائل کا پتا ہے اس لیے انہوں نے یہ پیش کیا ہے۔ پچھلی دفعہ جو الیکشن ہوئے تھے وہ غیرجماعتی بنیاد کا نام تھا لیکن panels موجود تھے۔ جس کی وجہ سے وہی groups سامنے آئے تھے جو party based تھے۔ تو rivalry between the groups موجود تھی۔ اگر صوبے میں کسی اور کی حکومت تھی اور ضلع میں کسی اور پارٹی کا بندہ لگا ہوا تھا تو funds کی allocation نہیں ہوئی اور اگر ہوئی تو release نہ ہو سکے اور مختلف قسم کی hurdles create کی گئیں، اس میں مسائل ڈالے گئے۔ نشاط صاحب نے کہا کہ اگر پارٹی سسٹم ہوگا تو آزاد امیدواروں کو مسائل ہوں گے۔ اس طرح نہیں ہوتا جس طرح ہماری نیشنل اسمبلی میں party based system ہوتا ہے لیکن آزاد امیدوار آ سکتے ہیں وہ حصہ لے سکتے ہیں اور اس میں کوئی چیز مانع نہیں ہوتی rather اس سے بہتر نظام آسکتا ہے اگر کوئی آزاد امیدوار سب پارٹیوں کو beat کر کے آجائے تو اس سے بہتری پیدا ہوتی ہے اور لوگ اس پر زیادہ اعتماد کرتے ہیں۔ جہاں تک Resolution کا تعلق ہے اس میں تھوڑی سی amendment ہونی چاہیے اور اس میں ذکر ہونا چاہیے کہ الیکشن اپنے وقت پر ہونے چاہیے۔ جون میں اس کی معیاد ختم ہونے والی ہے اور این ڈبلیو ایف پی نے already اس کو declare کر دیا ہے کہ ہم فی الوقت اس ادارے کو suspend کر رہے ہیں۔ اس بارے میں بھی ہمارے ہاؤس کو consider کرنا چاہیے کہ جلدی جلدی مقامی حکومتوں کے الیکشن conduct ہوں۔ بہت مہربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ معزز وقاص علی کوثر ۔

جناب وقاص علی کوثر: شکریہ محترمہ سپیکر۔ ضمیر صاحب نے ایک اچھی resolution پیش کی گئی۔ اس پر میرے کچھ سوالات اور کچھ تحفظات ہیں۔ پاکستان میں ہر district میں ہر سیاسی جماعت کی base نہیں ہے۔ وہ سیاسی جماعت جس کی base نہیں ہے اس کی representation کیسے ہوگی۔ جس طرح نیاز صاحب نے بات کی کہ اگر الیکشن اپنے مقررہ وقت پر ہوں گے تو میں اس حوالے سے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ آپ اس کو اس طرح رکھیں کہ پاکستان میں نیشنل اسمبلی، صوبائی اسمبلی اور مقامی حکومت کے الیکشن اکٹھے ہوں ورنہ آج اگر پنجاب میں پی ایم ایل (ن)کی حکومت ہے تو یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ اگر پارٹی کی بنیاد پر الیکشن کروائیں تو تمام کے تمام ناظمین پی ایم ایل (ن) کے نہ ہوں۔ ایسا تو ہو ہی نہیں سکتا۔ اس کی بنیاد یہ ہو سکتی ہے کہ اس کو تمام level پر same رکھیں اور اس کے علاوہ ایک Federal, Provincial and District level پر ایک رکھیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس میں flaw یہ ہے کہ اگر آپ اس کو same نہیں رکھیں گے تو اگر صوبائی حکومت میں کوئی اور حکومت ہے اور لوکل سطح پر کوئی اور ہے تو پھر financial autonomy district کی انتہائی متاثر ہوگی۔ اس میں ایک چیز یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اگر ان کے الیکشن ساتھ نہیں ہوتے تو revenue generation کا processکسی بھی ڈسٹرکٹ کو empower کرنے کے لیے، ڈسٹرکٹ کا level اگر division تک بڑھایا جائے تو ایک alternative مل سکتا ہے۔ Overall I support this Resolution لیکن اگر یہ ہو کہ ڈسٹرکٹ ، صوبائی اور Federal level پر اگر اکٹھے الیکشن نہیں ہوتے تو پھر it will be just a pump and show. Thank you.

جناب ضمیر احمد ملک: میڈم پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی ضمیر صاحب۔

جناب ضمیر احمد ملک: محترمہ جیسے بھائی نے کہا کہ بہت سی پارٹیاں ہیں ان کے تمام ضلعوں میں امیدوار یا support نہیں ہوتی، اس کی وجہ یہ ہے ۔

چوہدری عثمان احمد: میڈم سپیکر! اگر یہ آخر میں بول دیں کیونکہ آپ نے کہا تھا کہ time دیں گی۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب عبداللہ زیدی۔

جناب محمد عبداللہ زیدی: شکریہ محترمہ سپیکر! عرض کچھ اتنا کرنا تھا کہ ضمیر صاحب کی نیت پر مجھے قطعی شک نہیں ہے ۔ ضمیر صاحب کی نیت پر کسی کو شک ہو بھی نہیں سکتا۔ بات یہ ہے کہ ضمیر صاحب نے جو Resolution لکھی ہے اس کی مجھے سمجھ نہیں آئی اور انہوں نے بتایا نہیں۔ انہوں نے اول تو سیاسی وابستگی کی بات کی ہے تو سیاسی وابستگی نہ بھی ہو ، نظریاتی harmony تو کسی کے ساتھ ہو سکتی ہے اور پھر اس کو misuse کیا جاتا ہے۔ چلیں اگر کسی کے ساتھ سیاسی وابستگی ہو بھی جائے تو کوئی سیاسی آدمی خدمت کر لے اس میں کیا بری بات ہے۔ ایک آزاد بھی الیکشن کے لیے کھڑا ہو سکتا ہے اور سیاسی آدمی بھی کھڑا ہو سکتا ہے۔ رہی بات influence کی کی پولیس کو manipulate کیا جاتا ہے۔ اکثر ہوتا ہے یہ کہ سیاسی لوگ اگر عہدے سنبھال لیں تو پولیس کو بہت manipulate کیا جاتا ہے۔ پولیس آرڈر 2002 میں بہت واضح ہے کہ اندرونی تفتیش میں ضلع ناظم دخل نہیں دے سکتا لیکن کچھ چیزیں ہیں جن میں اس کا jurisdiction ہے اور کچھ اہداف ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے ساتھ مل کر بیان کر سکتا ہے۔ اسی طرح ضمیر صاحب سے میں درخواست کروں گا کہ بجائے اس کے کہ ان پر بات کریں آج مجھے افسوس اس بات پر ہے کہ لوکل حکومت میں reforms کی بات ہم نے بالکل نہیں کی۔ یہ بات طے ہے کہ کمشنری نظام فرسودہ ہے اور local government is the way to go forward ہمیں آج reforms پربات کرنی چاہیے تھی ناکہ fatty debatesمیں جاتے کہ کمشنری نظام بہتر ہے یا لوکل نظام بہتر ہے۔ ہم صرف لوکل حکومت کے reforms پر آج بات کرتے اور کوئی resolution اس میں آتی تو بہت خوشی ہوتی۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترم یاور حیات صاحب۔

جناب یاور حیات شاہ: شکریہ محترمہ سپیکر! میں سب سے پہلے یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں پر بات ہو رہی ہے کہ systems dictators نے دیئے لیکن اگر ہم Constitution of Pakistan دیکھیں Article 32 میں directives for principle policies میں مقامی حکومت کے سسٹم کے بارے میں بات کی گئی ہے۔ یہ 1973 میں اس کو propose کیا گیا تھا ایک پالیسی لائن دے دی گئی تھی کہ اگر حکومت کوئی پالیسی بنائے گی تو لوکل حکومت کا system introduce کروایا جائے گا۔

اس کے بعد 3 tier system of local government, decentralization of fiscal, administrative and political paradigmکی بات اس میں کی گئی ہے ۔ اس resolution میں پارٹی basis election کی بات کی گئی ہے یہ بہت اچھی بات ہے اور جمہوریت کا pre-requisite ہےکہ کسی بھی جمہوری نظام میں سیاسی پارٹیاں عوام کی demands کو articulate and aggregate کر کے decision making end تک پہنچاتی ہیں تو اس party based الیکشن کا فائدہ یہ ہوگا کہ result اور جو decision making end پر جو لوگ آئیں گے وہ برادری اور ذات کی بنیاد پر نہیں آئیں گے personality oriented لوگ نہیں ہونگے لیکن وہ ایک consensus based انتخابات کے نتیجے میں آئے ہونگے۔

اس کے علاوہ یہاں پر نشاط صاحب نے independent candidates کی بات کی کہ پارٹی کی طرف سے جو لوگ آئیں گے اس سے آزاد لوگوں کا راستہ رکے گا لیکن ایسا نہیں ہوگا جیسے ان کے فاضل ممبر نے واضح کیا ہے کہ آزاد لوگوں کے لیے ہمیشہ room رہتا ہے۔ irony of last election یہ تھی کہ ضلع ناظم کے جو الیکشن ہوئے تھے اس میں ان لوگوں کو directly or indirectly political parties نے support کیا تھا ۔ اگر بڑے شہروں میں آپ دیکھیں تو ضلعی ناظم پارٹیوں کے تحت لگے ہوئے ہیں۔ جس طرح لاہور کا ضلعی ناظم مسلم لیگ (ق) سے تعلق رکھتا ہے۔ کراچی کے ڈسٹرکٹ ناظم ایم کیو ایم سے ہیں اور انہوں نے مختلف نام استعمال کئے تھے۔ عوام دوست گروپ، وطن دوست گروپ اور حق پرست گروپ ، ان بینروں کے under انہوں نے الیکشن لڑے تھے ۔ اس سے میں سمجھتا ہوں کہ اگر پارٹی based election ہوگا تو local level پر ایک political recruitment mechanismسامنے آئے گا جس سے پارٹیوں میں اچھے لوگ سامنے آئیں گے اور نوجوانوں کو سیاست میں آنے کا موقع ملے گا۔ Political process میں ایک بڑا check elecgtion ہوتا ہے۔ Political systemمیں سب سے بڑی accountability election ہے۔ جب چار یا پانچ سال بعد منتخب ممبران اپنی constituencyمیں ووٹ لینے کے لیے واپس جانا پڑتا ہے تو لوگ اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ who will govern them? Which party will govern them? اس سے political parties کی monopoly بھی ختم ہوگی کیونکہ grass root level پر لوگ ان کو اچھی طرح جان سکیں گے۔شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی اے ڈی طاہر صاحب۔

جناب اللہ دتہ طاہر: شکریہ محترمہ سپیکر! ضمیر صاحب نے بہت اچھی insight دی۔ میں اتنا add کرنا چاہوں گا کہ جو ہمارے countryside areas ہیں وہاں پر party based election کی بجائے وہاں پر یہ ہوتا ہے کہ فلاں پیر صاحب نے کہا، فلاں وڈیرہ یا برادری سسٹم ہوتا ہے۔ اس میں ہوتا یہ ہے کہ عوام زیادہ تر یہ بھی سمجھتے ہیں کہ جی پارٹیاں تو صرف اپنے لیے ہی کام کرتی ہیں اور اگر پیپلز پارٹی جیتے گی تو اپنا گھر بھریں گے، مسلم لیگ جیتے گی تو اپنا گھر بھریں گے۔ اسی لیے زیادہ تر یہ ہوتا ہے کہ آزاد لوگ جیتتے ہیں۔ وہ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ بندہ آزاد ہے اس کا کسی پارٹی سے کوئی تعلق نہیں ہے یہ ہمارے کام کرے گا۔ جب ہم ادھر یہ کر دیں گے کہ political parties affiliation لازمی ہونی چاہیے تو definitely political parties ایک گاؤں میں یا village level تک ان کا influence ہوگا لوگ ان کو سمجھ سکیں گے لوگ ان کا ایجنڈا سمجھ سکیں گے اگر ایک گاؤں کا بندہ ایک پولیٹکل پارٹی کی بنیاد پر الیکشن لڑ رہا ہے تو لوگوں کو یہ تو ہوگا کہ اگر پیپلز پارٹی ہے تو وہ پیپلز پارٹی کو سمجھ سکیں گے، (ن) کو سمجھ سکیں گے، یا جو بھی political party ہے کیونکہ ان کو یہ پتا ہوگا کہ یہ بندہ یہاں سے جیت کر ہمارے ہی قریب ہے اور ہمارے ساتھ ہے، ہمارے لیے کام کر رہا ہے۔ اب جب 2008 میں الیکشن ہوا تو لوگوں کو یہ نہیں پتا تھا کہ ہم تیر پر مہر لگانے جا رہے ہیں یا شیر پر مہر لگانے جا رہے ہیں یہ کیا چیز ہے۔ ان کو یہی پتا تھا کہ ہم فلاں بندے کے لیے، فلاں پیر صاحب کے لیے ووٹ دینے جا رہے ہیں۔ تو جو political awareness ہے وہ grass root level تک ہونا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی چوہدری عثمان صاحب۔

چوہدری عثمان احمد: بہت شکریہ محترمہ سپیکر۔ اب تک جو ہاؤس میں sense آئی ہے وہ یہ لگ رہا ہے کہ ہم غیر جماعتی الیکشن کے کچھ pros and cons discuss کر رہے ہیں۔ میں تھوڑا سا پہلے categorically pluses بتا دیتا ہوں اگر non-politically bar کو ختم کر دیا جائے ۔ First of all آپ کی جو secret affiliation with the party ہے جو کہ announced affiliation نہیں ہے وہ آپ کے سامنے expose ہو جائے گی ۔ Just likeکہ ایک پوٹلی میں بند سانپ is most dangerous than ایک سانپ جو آپ کے سامنے کھڑا ہو۔ دوسرا آپ کی جو synergy between the local bodies ہے اور جو صوبائی اسمبلی کے ممبران ہیں ان میں ایک synergy develop ہونے کے chances ہو سکتے ہیں اگر پارٹی affiliation نہ ہو because same constituency ہوگی، same school of thoughts ہونگے ، same party local and provincial level پر elect ہو جائے گی۔

جناب والا! جہاں سے میں دیکھ رہا ہوں اس کے mines مجھے بہت نظر آرہے ہیں۔ سب سے پہلی بات کہ favoritism ہوگا ۔ کراچی کو میں نے بہت deeply visit نہیں کیا لیکن ضمیر صاحب بہتر بتا سکیں گے کہ مصطفیٰ کمال اگر سہراب گوٹھ میں جا کر کوئی گلی بنانے کا سوچے گا تو اس کو پہلے بہت زیادہ سوچنا پڑے گا بہت زیادہ permissions لینی پڑیں گی، بہت سوچنا پڑے گا۔

تیسرا یہ کہ ہماری عوام personality based politics and iconization پر بہت زیادہ ڈسی جا چکی ہے۔ ہم لوگ ایک بندے کے نام پر ہر affiliated بندے کو ووٹ دیتے ہیں irrespective of کہ اس کا اپنا potential کیا ہے تو یہ چیز بہت پروان چڑھے گی کہ اگر ایک شخص ایک پارٹی سے related ہے اور اس کو ووٹ اس پارٹی کی وجہ سے ملتے ہیں نا کہ اس کی اپنی capabilities کی وجہ سے ملتے ہیں۔جس طرح ہمارے Federal Capital میں دیکھ کہ یہاں پر ایسے incidents ہیں جہاں پر چار چار کروڑ کی ایک popular جماعت کی tickets بکی ہیں۔یہ چیز پھر ناظم level تک بھی آجائے گی۔

آخری جو کہ most importantly کہ ہم یہاں پر ایک عام آدمی جس کو current political system کا part بننے سے پہلے بہت بار سوچتا ہے اور پھر بھی نہیں بن سکتا اس کو empower کرنے کی بات کررہے ہیں لیکن یہ bracketing اگر لگ گئی تو پھر ایک اور bar آجائے گا ایک اور limitation آجائے گی ایک اور constraint آجائےگا ایک عام آدمی کو سیاست میں آنے کے لیے۔ شکریہ۔

جناب انصار حسین: پوائنٹ آف آرڈر۔ محترمہ سپیکر! ہم لوگ رونا تو اس بات کا روتے ہیں کہ نئی سیاسی قیادت سامنے نہیں آرہی۔ بلاول بھٹو، مونس الہیٰ اور حمزہ شریف ہی ہمارے مستقبل کے لیڈر ہوں گے۔ جب ہمیں موقع مل رہا کہ party affiliation کے ذریعے grooming ہو، ہمارے لیڈران آگے آئیں، ہمیں even right to vote کا پتا چلے۔ بنیادی طور پر سیاسی پارٹیاں ایک ادارہ ہیں جو آپ کو سیاست سکھاتی ہیں تو بغیر پارٹی affiliation کے ہم یہ چیزیں نہیں سیکھ سکتے۔ مجھے بڑی حیرت ہے کہ ہمیں ایسی مضحکہ خیز demands نہیں کرنی چاہیں کہ political affiliation نہ ہو۔ Political partyآپ ایک منشور دیتا ہے، ہر چیز بتاتا ہے ورنہ آپ کو ایک نئی جدوجہد کرنی پڑتی ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: ضمیر صاحب اگر آپ کچھ کہنا چاہیں ۔

Mr. Usman Ali: Madam Speaker before Zamir replies I would like to put another question.

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی عثمان صاحب۔

جناب عثمان علی: محترمہ سپیکر! ضمیر صاحب نے جو non-party basis پر الیکشن کروانے کی بات کی ہے توجو local bodies ہیں ان کا کام تو یہ ہوتا ہے کہ لوگوں کے لیے گلی کوچے بنوائیں، نالے بنوائیں۔ اب پارٹیاں منشور رکھتی ہیں اسی کی بنیاد پر پالیسیاں بنائیں گے۔ اگر نیشنل اسمبلی کے الیکشن منشور پر ہو جائیں تو بہتر ورنہ گلی کوچے بنانے والوں کے لیے کوئی منشور نہیں، اس پر الیکشن نہیں ہونے چاہیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی ضمیر صاحب۔

جناب ضمیر احمد ملک: شکریہ۔ میں سب سے پہلے تو عثمان بھائی کا جواب دینا چاہوں گا۔ صرف گلی کوچے بنانے کی بات نہیں ہے جو devolution of power ہوتی ہے یا decentralization ہوتی ہے اس میں عوام کو طاقت دی جاتی ہے کہ نیچے کا طبقہ اپنا حق لے سکے۔ حق صرف گلی محلہ نہیں ہے، حق تعلیم اور صحت بھی ہے جب اس کے اوپر بات ہی نہیں ہے، وہ یو سی میں بیٹھ کر یا یو سی سے باہر اس کو کوئی بندہ نہیں جانتا، یا وہ غیر سیاسی بندہ ہے تو وہ کیسے اوپر سے یہ چیزیں لے سکے گا۔ پھر ایک بھائی نے کہا کہ ہر ڈسٹرکٹ میں سیاسی پارٹیاں نہیں ہوتیں، کیوں نہیں ہوتی؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس جنرل کا دل چاہا وہ رات کو سویا صبح اس نے مارشل لاء لگا دیا آٹھ سال تک الیکشن ہی نہیں ہوئے۔ ہمارے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جب بار بار الیکشن ہوتے رہیں گے تو جو بھی سیاسی پارٹی اس الیکشن میں اگر کام نہیں کرے گی تو چار سال بعد پھر الیکشن ہو گا وہ ڈھل جائے گی اور جو صحیح سیاست دان نہیں ہیں، اچھے سیاست دان نہیں ہیں وہ ختم ہو جائیں گے۔ ایک وقت آئے گا کہ عوام اسی پارٹی کو چنے گی جو واقعی ان کی نمائندہ ہے۔ جہاں تک یو سی کی بات کی جاتی ہے آپ نے جیسے تحریک انصاف کی بات کی۔ اب تحریک انصاف کے پاس اتنی عوام نہیں ہے کہ وہ ان کو اکٹھا کر سکے لیکن کوئی تو ان کی ایسی یو سی ہوگی جہاں سے وہ اپنی یوسی لے سکتے ہوں۔ لاہور میں ان کے بہت سارے لوگ ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر سیاسی بنیادوں پر الیکشن ہونگے تو تحریک انصاف کا کوئی نہ کوئی بندہ یو سی ناظم بن جائے گا۔ اسی طرح اور بہت سی پارٹیاں ہیں لیکن اگر غیر سیاسی ہوتے رہیں گے تو ایک ایسا بندہ آئے گا جو غیر سیاسی ہوگا اور سیاسی جماعتوں کے بارے میں لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ سیاسی جماعتیں کچھ نہیں ہیں۔ سیاسی جماعتیں آپ کو ایک culture دیتی ہیں۔ سیاسی جماعتوں کے اندر بھی جمہوریت ہونی چاہیے اور جو سیاسی جماعت کسی بندے کو یو سی ناظم کا الیکشن لڑوائیں گی وہ بھی تو اپنا mandate لے کر آئے گا۔ ایسا نہیں ہے کہ بلاول بھٹو کسی کو announce کر دے یا حمزہ شریف کسی کو announce کردے کہ بھئی فلاں یو سی سے الیکشن لڑے گا ۔ ایسا نہیں ہوتا ۔ سیاسی پارٹیوں کو آپ نے آج تک سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ آج تک بہت غلط پراپگنڈہ کیا گیا ہے۔ جرنیلوں کو پتا ہے کہ جس دن سیاسی پارٹیاں مضبوط ہوگئیں تو پھر ہم جو آٹھ دس سال بعد آکر قبضہ کر لیتے ہیں ، یہ قبضہ نہیں کر سکیں گے۔ سیاسی پارٹیوں میں ایسا نہیں ہوتا، سیاسی پارٹیوں میں تو سب سے بڑی جمہوریت ہے۔ میں آپ کو ایسی مثالیں دے سکتا ہوں کہ جہاں پر کسی پارٹی نے کسی ایسے شخص کو ٹکٹ دے دیا، ان الیکشنوں میں جب پیپلز پارٹی شہید بے نظیر بھٹو کے شہید ہونے کے بعد جب انہوں نے سندھ میں سے ایک ایسے بندے کو ٹکٹ دیا جو عوام کا نمائندہ نہیں تھا تو کیا ہوا وہ الیکشن ہار گیا۔ تمام جماعتوں کے اندر، چاہے وہ مسلم لیگ (ن) ہو یا پیپلز پارٹی ہو ان کے

اندر جمہوریت ہے۔ یہ جو چھوٹے موٹے فیصلے ہوتے ہیں یہ seats کے فیصلے ہوتے ہیں باقاعدہ ان کی district councils ہوتی ہیں، صدور ہوتے ہیں، جنرل سیکرٹریز ہوتے ہیں، باقاعدہ ووٹنگ کے بعد ہوتا ہے اگر یو سی پر ایسا نظام آجائے گا تو ایک سیاسی کلچرل ہوگا اور لوگ سیاست میں involve ہو جائیں گے۔

اس کے بعد عبداللہ زیدی بھائی نے کہا کہ نظریاتی وابستگی ہوتی ہے چاہے وہ کوئی بھی بندہ ہو اگر وہ غیر جماعتی ہوگا تو اس کی نظریاتی وابستگی ہوتی ہے تو میرے بھائی نظریات تو تبدیل ہوتے رہتے ہیں لیکن جو ایک سیاسی پارٹی ہوتی ہے اس کا منشور وہ کم از کم حالات و واقعات کے مطابق، عوام کے مطابق ہوتا ہے لیکن جو نظریہ ہوتا ہے وہ میرا نظریہ ایک چیز کے بارے میں کچھ اور ہے ہو سکتا ہے میرا یو سی ناظم بولے نہیں بھئی تم غلط بول رہے ہو۔ عوام بول رہی ہے کہ میرا نظریہ یہ ہے۔ نظریات کی بات نہیں، منشور کی بات ہوتی ہے۔

عثمان بھائی نے کہا کہ secret affiliation اور سہراب گوٹھ والی بات کی۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ جو الیکشن برادریوں کی بنیاد پر ہوتے ہیں۔ کراچی میں الیکشن ہوا وہ تھا تو سیاسی لیکن تھا وہ ethnic ایک طرف سندھی اور پنجابی تھے ایک طرف پٹھان تھے اور ایک طرف اردو بولنے والے تھے۔ اب مصطفیٰ کمال صاحب جب سہراب گوٹھ جاتے ہیں تو سہراب گوٹھ میں یوسی کا ناظم وہ پٹھان ہے اس کی وابستگی اے این پی سے ہے لیکن چونکہ وہ غیر جماعتی بنیادوں پر elect ہوا ہے اب مصطفیٰ کمال صاحب اس کو یہ نہیں کہہ سکتے کہ تم مجھے development سے کیوں روکتے ہو اور وہ روکتا ہے۔ مصطفیٰ کمال صاحب نے سہراب گوٹھ میں جا کر جب بھی کوئی پراجیکٹ کرنے کی کوشش کی تو ہمارے پٹھان دوست سارے اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ اب مصطفیٰ کمال یہ بھی بیان نہیں دے سکتا کہ اے این پی کا بندہ ہے اور اے این پی کے لوگ مجھے کام کرنے سے روک رہے ہیں۔ کیوں؟ کیونکہ ان کو پتا ہے کہ ایک بندہ آیا ہی غیر جماعتی بنیاد پر تو اب ظاہر سی بات ہے کہ وہ ہزار بندہ لے کر آئے، دو ہزار بندہ لے کر روکے گا تو میں اس کو کیا blame دوں۔ اگر وہی بندہ سیاسی بنیاد پر elect ہوا ہوتا تو آج جب مصطفیٰ کمال وہاں پر development کے لیے جاتے اور آگے سے کوئی روکتا تو پتا چل جاتا کہ کس پارٹی کا بندہ ہے اور اس کو کون support کر رہا ہے۔

اس کے بعد میں یہ کہوں گا کہ سیاسی بنیادوں پر جب ہم الیکشن کی بات کرتے ہیں تو ہم سیاسی culture کی بات کرتے ہیں کہ افہام و تفہیم کا culture آئے گا۔ سیاسی جماعتیں اگر مضبوط ہونگی تو ایک ایسا culture آئے گا جس کی ذریعے پاکستان میں ترقی ہو سکتی ہے جب تک سیاسی جماعتیں مضبوط نہیں ہونگی پاکستان میں ترقی نہیں ہو سکتی۔ حالیہ جتنے بھی ناظمین ہیں میں ان کے لیے ایک شعر کہوں گا ۔ یہ ہمارے نمائندے نہیں ہیں۔ یہ پولیس آرڈر کی بات کرتے ہیں، پولیس تو ساری پرویز مشرف کے ہاتھ میں تھی اس نے جس ناظم کا بولا اس کو جتوا دیا۔ کوئی عوام کا نمائندے نہیں ہیں۔ میں آخر میں یہ شعر کہوں گا ۔

لیے جو پھرتے ہیں تمغہ فن،رہے ہیں جو ہم خیال رہزن
ہماری آزادیوں کے دشمن، ہماری کیا راہبری کریں گے

Madam Deputy Speaker: Now I put the Resolution to the House. It has moved that “this House is of the opinion that the upcoming Local Government Elections should not be conducted on non-party basis and political parties should be allowed to run for Local Government elections.”

(The Motion was carried.)

Madam Deputy Speaker: Consequently, the Resolution is adopted. The last item on the agenda today is again a Resolution by Mr. Waqar Nayyar and Mr. Abdullah Zaidi.

Mr. Waqar Nayyar: Thank you Madam Speaker, the Resolution is that I want to move in conjunction with Mr. Abdullah Zaidi reads as follows:

“This House condemns the haste with which the peace agreement was scrapped. We believe that once an accord was signed, all possibilities should have been explored and more time should have been given, before resorting to an all-out military action.”

میڈم سپیکر! آپ کو یاد ہوگا کہ پچھلے سیشن میں جب سوات agreement کی بات چل رہی تھی تو میں نے اس ایوان میں کھڑے ہو کر یہی کہا کہ تھا کہ ایک دفعہ اگر آپ ایک گروپ کو alternative to sovereignty ایک خاص علاقے میں provide کردیں گے تو یہ ایک non-tractable solution ہو جائے گا ایک بہت گندہ precedence set ہو جائے گا ۔ پھر اگر آپ یہ precedence set کریں گے تو پھر آپ کو legitimately follow upکرنا پڑے گا ورنہ تاریخ میں اس قدر گندی مثال قائم ہو جائے گی۔ Government کی haphazardness کی Government کی lack of foresight کی اور Government’s willingness to capitulate under immediate pressure کی اس قدر گندی مثال قائم ہو جائے گی جس کو پھر بہت سارے groups بعد میں capitalize کریں گے۔ Having said that جب آپ نے جن بھی وجوہات کی وجہ سے ایک agreement سوات میں کر لیا ہے ۔ نظام عدل کی بات آپ نے کر لی ہے تو جس طرح عمران خان صاحب کہہ رہے تھے آپ پھر اس کو follow through کریں اور اس گروپ کو جس کے ساتھ آپ نے agreement signکیا ہے اس کو completely expose کریں not only to the people of that area نہ صرف سوات کے لوگوں کے سامنے اس کو expose کریں بلکہ پاکستانیوں کے سامنے بھی properly expose کریں ۔ کیونکہ اگر آپ نظام عدل جیسے نظام کو چلنے کے لیے صرف دس دن دیں گے اور اس کے بعد آپ ایک all out military action launchکردیں گے۔ جب hundreds of thousands civilian causalities آنا شروع ہونگی تو اس کے بعد پھر وہی ہوگا کہ جس طرح لال مسجد میں پوری عوام اورmedia, action, action چینختے رہے تھے دو تین مہینے تک، جب action ہوگیا اور سب کچھ کر دیا تو اس کے بعد پتا چلا کہ اتنی civilian causalities ہوگئی ہیں اور وہ پوری چیز حکومت کے گلے پڑ گئی۔ بجائے اس طرح کی chronic mistakes repeat کرنے کے بجائے یہ کرنے کے اگر آپ نے ایک دفعہ agreement کر لیا ہے تو properly exposeکرنے دیں وہ جو لوگ genuinelyیہ سمجھ رہے تھے کہ شریعت نافذ ہو جائے گی اور اسلام کا بول بالا ہوگا اور اسلام کا بول بالا ہوگا اور معاشرے میں عدل ہو جائے گا وہ لوگ خود ہی بیٹھ جاتے۔ یہ جو دہشت گرد ہیں جو بندوق کے زور پر اپنی اجارہ داری جمانا چاہتے ہیں۔ جو وہاں پر صرف gain of personal power کے لیے operateکر رہے ہیں یہ اپنے آپ کو fullyاور کھلم کھلا exposeکردیتےas usurpers and as pursuants of power اور پھر جب ان کے خلاف operation کرتے تو اس دوران میں زیادہ تر civilian populationابھی تو خالی one million estimateہے اس سے زیادہ لوگ سوات میں موجود ہیں وہ باہر آجاتے۔ پھر جب آپ action conductکرتے اور جو بھی کام کرتے اس کی نہ صرف public buoying زیادہ ہوتا، پاکستانی عوام کی سپورٹ زیادہ ہوتی بلکہ جو collateral damage سوات کے اندر ہے اور جو long term damage to the infrastructure of the areaہے وہ بھی کم ہوتا۔ اس resolution کو move کرنے کا یہ بنیادی مقصد ہے۔

اس کے علاوہ آج کی theme کے مطابق تھوڑی سی بات بھی میں کرنا چاہوں گا کہ کیا وجہ ہے کہ یہ والی چیزیں اس طرح کے extremism ہماری عوام کو اپیل کرتے ہیں۔ بات صرف یہ ہے جس طرح ضمیر بھائی نے کہا کہ political parties کا culture ہے اور political parties کی values ہیں اور political parties inherited democratic ہیں اگر یہ سب کچھ ہوتا تو ایک بندہ آکر کسی کا دروازہ کھڑکا کر یہ کہتا کہ کیا اگر اس معاشرے میں صداقت ، امانت اور ایمانداری کی values لاؤں تو کیا تم میری supportکرو گے تو کیوں وہ بندہ ان کی supportکرتا ہے ۔ صرف اس وجہ سے کہ ابھی جو current political parties ہیں یہ ایک open secretہے کہ ان کے اندر principlesکے نام کی، honestyکے نام کی چیزیں پائی ہی نہیں جاتی۔ جو جتنا بڑا بدمعاش ہے، جو جتنا بڑا hypocrite ہے وہ ہمارے ملک کے اندر اتنا بڑا سیاست دان ہے۔ جب تک آپ ان چیزوں کو صحیح نہیں کریں گے، جب تک آپ اسلام ہمیں جو values سکھاتا ہے ہم خود ان کی ownership نہیں لیں گے تو خالی آپ ان کو ایک طرف bound کرنے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا کیونکہ سچ کی بات، اچھی بات کس کو appeal نہیں کرتی۔ بات یہ ہے کہ جو ہماری اچھی values ہیں ان کی خود ہمیں ownership لینی چاہیے وہ ہمیں خود اپنی سوسائٹی کے اندر promoteکرنی چاہیے اور اپنے لوگوں کی آنکھیں کھولنی چاہیے کہ اگر آپ ابھی بھی اپنے حالات درست نہیں کریں گے تو ایسا آپ پر عذاب نازل ہوگا جس طرح منگول نازل ہوئے تھے اور انہوں نے ہماری unjust societyکو تہس نہس کر دیا تھا۔ اس طرح سے یہ ایک نیا فساد اپنے اوپر آگیا ہے اور یہ it is redemption from

جو کہ اس قدر decadence کی extreme پر پہنچ گیا ہے۔ تو the current system that was just another side point I would only to add مگر بنیادی طور پر resolution کا مقصد یہی ہے کہ آپ اس کو وقت دیں اور military operation سے پہلے تھوڑا صبر کریں۔ شکریہ۔

جناب ضمیر احمد ملک: میڈم پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: ضمیر صاحب تشریف رکھیں please .
All the members would just be given two minutes to speak because I have a long list of members who want to speak. After two minutes you will not be allowed to speak. Honorable Abdullah Laghari.

جناب محمد عبداللہ لغاری: شکریہ میڈم سپیکر۔ یہ جو resolution یہاں پر آئی ہے اس سے پہلے جس طرح ضمیر صاحب نے کوشش کی کہ وہ آرمی کی support کے حوالے سے۔ دیکھیں کوئی آرمی کی support کو denyنہیں کر رہا اور نہ ہی کوئی حکومت سے confrontation لے رہا ہے۔ اس resolution کا مقصد یہی ہے کہ حکومت اس طریقے کی adviceکی جائے کہ دیکھیں جو اس وقت وہاں پر حالات ہیں آپ نے ایک dealکی ہے آپ نے اس dealکے حوالے سے اتنا timeframeنہیں دیا کہ وہ پھلے پھولے اور اس واقعہ کے facts قوم کے اوپر عیاں ہوں۔ اس کی وجہ بنیادی طور پر یہی ہے کہ دیکھیے اس کے background میں جائیے بات ہم یہ نہیں کر رہے کہ وہاں پر بیٹھے ہوئے فریق صحیح ہیں نہ ہی ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ صوفی محمد جیسے لوگ صحیح representationدے ہیں یہ کہہ کر کہ جمہوریت کفرہے یا اس کا سارا نظام کفر ہے۔ ہم یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ سیدھی سی بات ہے کہ طالبان جب ایک علاقے میں جاتے ہیں تو وہ ایک تو enforcement کے ذریعے وہ اپنی support gather کرتے ہیں اس کے علاوہ جو ان کو support gather ہو رہی ہے اس کی وجوہات کیا ہیں؟ کیا reasons ہیں کہ آخر وہ writ of the Governmentکو challenge کرتے ہوئے ایک الگ نظام مانگ رہے ہیں۔ ان میں سے کچھ عناصر ایسے ہیں جو حکومت کی support میں نہیں آرہے جو ان کے control میں نہیں آرہے۔ ہمیں یہ بات سمجھنے کی کوشش کرنی ہوگی کہ مرکز میں بیٹھے ہوئے کچھ وزراء جن میں رحمٰن ملک صاحب خصوصی طور پر جن کا نام میں یہاں پر mentionکروں گا وہ اس علاقے کے فیصلے نہیں کرسکتے جہاں پر انہوں نے آج تک visit ہی نہیں کیا۔ جہاں کی ground reality کا ان کو کچھ پتا ہی نہیں ہے۔ اس بات کو آپ سمجھیں کہ وہاں کے طالبان اگر وہاں پر support gather کر رہے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ شاید وہاں پر حکومت موجود ہی نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں پر لوگوں کا معاشی قتل ہو رہا ہے۔ اس کامطلب یہ ہے کہ social backlash وہاں پر موجود ہے شاید اسی لیے وہ عناصر وہاں پر قوت حاصل کر رہے ہیں۔ آپ کسی کو temporarily relief دیں گے اور اس کو اگر حکومت کی طرف سے کسی قسم کا relief میسر نہیں آرہا وہ ایک قدرتی انسانی psyche ہے کہ انسان اس طرف جائے گا جہاں پر اس کو reliefملے گی۔ یہ قطعی طور پر کہنا کہ ہم حکومت سے confrontationلے رہے ہیں یا آرمی سے لے رہے ہیں ہم یہ قطعی طور پر نہیں کہہ رہے ۔ ہم کہہ رہے ہیں کہ adviceکی جائے آرمی اور حکومت کو کہ اس stepکو پورا وقت دیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب عرفان بٹ۔

جناب عرفان بٹ: شکریہ میڈم سپیکر۔ شروع میں ایسے کروں گا کہ ہماری جو peace dealہوئی تھی وہ TNSMکے ساتھ ہوئی تھی صوفی محمد کے ساتھ ہوئی تھی جو TNSM کی head ہیں، طالبان کے ساتھ نہیں ہوئی تھی۔ طالبان نے اس چیز کا فائدہ اس طرح اٹھایا کہ طالبان spokesman نے openly یہ کہا ہے کہ arms are the ornament of Muslims and symbol of honor for Pashtoon. Therefore, they will never disarm. اس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک ان کے پاس arms رہیں گے اگر آج ہم ان کی ساتھ peace deal کرتے ہیں تو ان کے پاس arms ہیں، وہ کسی وقت بھی ان arms کو استعمال کر کے دوبارہ کسی اور علاقے میں بھی جا سکتے ہیں۔ سوات deal جو ہوئی تھی وہ سوات کے علاقے تک ہوئی تھی وہ بونیر تک آگئے تھے اور اسلام آباد سے پچیس کلومیٹر کے فاصلے پر بونیر ہے وہ کسی وقت بھی capital میں آسکتے ہیں اس کے بعد آپ کے پاس کوئی نہیں رہے گا کہ آپ ان کو روک سکیں۔ اس وقت طالبان not more than 35 thousand. اگر ابھی آپ ان 35 ہزار کو اگر نہیں ختم کریں گے تو کل کو وہ ساٹھ ہزار ہو جائیں گے اگر اسی طرح آپ peace deal کرتے

رہیں گے۔ 2005 میں یہ شروع ہوا تھا اور ابھی تک ہم peace deals پر ہی ہیں۔ Peace deal اب اور کچھ نہیں کرے گی۔ اگر ہم اسلامی تاریخ میں جائیں تو ہمیں یہ پتا چلتا ہے کہ پہلے ہم ہمیشہ peace dealکی ہی بات کرتے ہیں۔ ہم جس علاقے میں بھی اسلام پھیلانے کے لیے جاتے تھے پہلے تبلیغ کرتے تھےاگر وہ نہیں مانتے تھے تو پھر ہم اس کے اوپر حملہ کرتے تھے۔ ابھی بھی اگر ہم نے peace deal کی تھی وہ اسی وجہ سے کی تھی کہ وہاں پر ہمیں امن چاہیے تھا لیکن طالبان نے اس کا مطلب غلط لے لیا۔ The very next day of the signing of agreementجو طالبان تھے انہوں نے incoming DCO کو kidnap کیا تھا اور اس کے against تین طالبان انہوں نے چھڑوائے تھے۔

(مداخلت)

Madam Deputy Speaker: I will not allow any point of order. Please sit down Niaz Mustafa. No points of order at this time we do not have time. Honourable Mohsin Saeed sahib. Mr. Essam Rehmani, I did not take any point of order in this Resolution form the Blue Party. I asked Mr. Zamir Malik to sit down and not to raise any point of order.

جناب محسن سعید: محترمہ سپیکر! میں یہ سوچتا ہوں کہ یہ بے حکمتی اور بے تدبیری کی انتہا ہے کہ پانچ ماہ کے لگاتار اور تباہ کن فوجی operation کے بعد ایک نظام عدل Regulation کا نفاذ ہوا ۔ وہاں کے لوگ اس سے کافی زیادہ خوش تھے لیکن عجیب بات ہے کہ اس کے دو ہفتے کے بعد ہی دوبارہ operation شروع کر دیا گیا۔ یہ بھی ایک عجیب بات ہے کہ جب بھی ہمارا کوئی حکمران امریکہ جاتا ہے تو پیچھے سے کوئی نہ کوئی اس طرح کا کام شروع ہو جاتا ہے۔ میں کہوں گا کہ ان لوگوں کی جو ملاقاتیں ہیں یہ فریاد یتیم بن جاتی ہیں۔ نہ ان میں کوئی جرات اظہار ہوتا ہے ، نہ ان میں تاب انکار ہوتا ہے اورنہ ہی ان میں کوئی مجال تکرار ہوتی ہے، ان کی گفتگو کا ہر ہر لفظ خوشامد کے شہد میں گوندھا جاتا ہے ۔ جناب سپیکر! عمران خان صاحب نے کل بڑی تفصیل سے یہ بات سمجھائی تھی کہ یہ جو فوجی operation ہے نہ تو یہ کبھی مسائل کا حل ہے اور نہ کبھی مستقبل میں ہوگا۔ آپ صرف اس بات سے اندازہ لگائیے کہ دس لاکھ کے قریب شدید گرمی میں ، راولپنڈی کے علاقے میں ، مردان کے علاقے میں، وہ کیسے ان کو accommodate کریں گے ۔ چھوٹے چھوٹے بچے ہیں ، عورتیں ہیں، جوان ہیں آپ اخبارات میں تصاویر دیکھیں وہ برتن لیے لائنوں میں کھڑے ہیں۔ حکومت کو چاہیے تھا کہ اتنی جلدی، دس دن ہوئے ہیں آپ نے دوبارہ operation شروع کر دیا ہے۔ ظاہر ہے اس سے بات ٹھیک نہیں ہوگی۔ اس پر سوچنا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی سید محسن رضا۔

سید محسن رضا : بہت شکریہ میڈم سپیکر۔ بات کا آغاز کچھ اس طرح سے کروں گا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ وقت مختصر ہے۔ Thomas Jefferson America کے ایک معروف سیاست دان تھے انہوں نے civil war کے زمانے میں یہ فرمایا تھا، "we must never fear to negotiate but we must never negotiate out of fear". Currently ہمارا جو نظام عدل کا accord ہوا ہے اور جس کو نام دیا ہے نظام عدل کا، this is an outcome of fear and confusion on part of the Government. جب اے این پی کے لیڈران کے سوات میں گھر تباہ ہونے شروع ہوگئے، جب ان کو سرحد کے علاقے میں خودکش حملوں کے ذریعے assassinateکرنا شروع کر دیا گیا تو they were left with no other alternative but to strike a peace deal with whom, میڈم سپیکر یہ وہ لوگ ہیں اگر آپ ملا صوفی محمد کی background میں جائیں جب امریکہ نے 2001 میں افغانستان کو invade کیا، this gentleman took a lashker of more than 2000 young men under his leadership to fight those aggresses and at the end he came back alone with no accountability کہ جی ان دوہزار ڈھائی ہزار لوگ جو یہ اپنے ساتھ بقول جہاد کے لیے لے گئے تھے ان لوگوں کا کیا بنا۔ He left them alone. ٹھیک ہے these people, Madam Speaker, are criminals you can not negotiate and cut deals with people who considered democracy to be equivalent to infidelity جو یہ فرماتے ہیں کہ اگر لڑکی یا عورت بیمار بھی ہو جائے تو اس کے پاس حق نہیں ہے کہ وہ ڈاکٹر کے پاس جا کر اپنا علاج کروا سکے۔ جنہوں نے سینکڑوں کی تعداد میں سکول نظر آتش کر دیے نہ صرف لڑکیوں کے بلکہ جب لڑکیوں کے سکول سوات میں ختم ہوگئے تو انہوں نے بچوں کے سکولوں کو بھی نظرآتش کرنا شروع کر دیے۔ دیکھیں we can not accept these people as being part of our

let us have a humanitarian کی بات کرتے ہیں کہ جی humanitarian solution جہاں تک society. solution, this is a cancer to the society اور جب انسان کے جسم میں ایک حصہ cancerous ہو جاتا ہے there is no humanitarian solution, there is only a surgical solution اور اس میں آپ کو اس جسم کے حصے کو نکال باہر پھینکنا ہوگا and these people جن کا آپ ذکر کرتے ہیں کہ جی لال مسجد اور ملا صوفی محمد---- Please, Madam Speaker, I will just wind up within 30 seconds. I will just say this that

ظلمت کو ضیاء سرسر کو صباء بندے کو خدا کیا لکھنا
پتھر کو گوہر دیوار کو در، کرگس کو ہما کیا لکھنا
ابلیس نما انسانوں کی اے دوست ثناء کیا لکھنا
ظلمت کو ضیاء سرسر کو صباء بندے کو خدا کیا لکھنا

Please stop giving apologies and justifications for people like Ghazi of the Lal Masjid and Mulla Sufi Muhammad.

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honorable Abdullah Zaidi.

جناب عبداللہ زیدی: بہت شکریہ میڈم سپیکر۔ ویسے تو آپ نے ایک اور میرے co-mover of resolution کو کوئی پانچ منٹ دیئے تھے۔

Madam Deputy Speaker: Actually the mover of the resolution has ten minutes to speak in total, you were not present at that time and due to shortage of time unfortunately I have to cut the time of all the speakers. I have requested both the parties to just send three speakers but it was their choice that they wanted to give the chance to multiple speakers to speak. So we have to shorten the time.

جناب عبداللہ زیدی: شکریہ میڈم سپیکر۔ میڈم سپیکر میں کہنا یہ چاہ رہا تھا کہ ہوا غلط جو نظام عدل آیا اس کا historical context اگر میں دو ں تو 90s میں جو نظام عدل تھا وہ equation سے اس طرح match اس لیے نہیں ہوتا کیونکہ 90s میں TTP نہیں تھی ۔ تحریک طالبان پاکستان کا factor involved نہیں تھا۔ 90s میں کوئی behead نہیں ہو رہا تھا۔ اب چونکہ factor involved ہے اس لیے اب یہ کہنا کہ سوات کے لوگوں کو swift judicial reform چاہیے، swift نظام انصاف چاہیے تو کیا کراچی میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو نہیں چاہیے؟ یہ تو judicial reforms کا مسئلہ ہے یہ تو ہمارا بھی مسئلہ ہے ہمیں بھی انصاف جلدی ہی چاہیے۔ اگر آپ کو نظام عدل لگانا تھا تو آپ کو کم ازکم ایسے petty excuses نہیں دینی چاہیے تھیں اور اگر آپ نے لگا دیا تو آپ نے دسویں دن، گیارویں دن کی صبح action شروع کر دیا۔ آپ نے جب لگا ہی دیا تو let them behead people, let them shoot them in their feet, let them do things. جیسے کہ میرے فاضل دوست نے کہا کہ پہلا دن جس دن سوات کا باسی کھڑا ہو کر کہتا کہ مجھے نہیں چاہیے اس دن آپ operation شروع کرتے۔ اب internally displaced لوگوں کا مسئلہ ہے۔ آخر میں جو بات کرنا چاہوں گا کیونکہ وقت بہت کم ہے اسفند یار ولی صاحب اب تک سوات نہیں گئے اور میرے خیال میں نہ وہ جا سکتے ہیں، یہ reflect کرتا ہے اس situation پر کہ کتنا democratically elected ایک پارٹی کا فیصلہ ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی انصار حسین صاحب۔

جناب انصار حسین: شکریہ میڈم سپیکر۔ اس وقت ملک کو جس عفریت سے واسطہ ہے اس سے ہمارے حکمران اور عوام دونوں بخوبی واقف ہیں۔ اس جنگ کے خلاف ہم متحد کیوں نظر نہیں آتے۔ خودکش بمبار اور ان کے sponsors کے لیے ہمارے دلوں میں پوشیدہ ہمدردی کیوں نظر آتی ہے۔ ان مسائل سے نمٹنے کے لیے ہم کیوں internation scenario میں excuses ڈھونڈتے ہیں۔ ابھی ہمیں ان تمام مسائل کو local perspective میں دیکھنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ ہم مسائل کو own کر سکیں پھر یہاں پر صوفی محمد صاحب کی بات ہوئی ہم نے reconcilable or irreconcilable کو الگ کر کے صوفی محمد میں reconcilableکی category میں ڈال

کر ان سے بات چیت کی لیکن ہم نے ان کو بہت ہی confused پایا کہ جو writ of the state کو challenge کرتے ہیں۔ آپ کی عدالتوں کو مانتے نہیں ہیں، آپ کے آئین کو نہیں مانتے، سپریم کورٹ کو مانتے نہیں ہیں، ان کے ججوں کو ماننا نہیں ہے ایسے شخص کے ساتھ جس میں تھوڑی سی بھی flexibility نہیں ہے ۔ ایسے شخص کے ساتھ ہم کیسے peace deal کریں۔ جس بندے کے ہاتھ ان معصوم نمازیوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں جن کو یہ مسجدوں میں بم دھماکے سے اڑاتے تھے ۔ ہم ان سے کس طرح سے peace deal کر سکتے ہیں۔ کل بات ہوئی کہ ہم یو ایس امداد نہ لیں۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ یہ جنگ چاہے ہم پر thrust کی گئی ہو لیکن اب ہمیں اسے own کرنا ہے۔ ہمارا ملک war on terror میں allies ہے۔ ہمارا ملک میدان جنگ بن چکا ہے۔ بہت زیادہ casualties ہم نے suffer کی ہیں ۔ کہتے ہیں کہ چونتیس ملین ڈالر کا ہمیں نقصان ہوا ہے اور پھر یہ ہماری اپنی جنگ بھی نہیں تھی ہم پر مسلط کر دی گئی ہم نے اسے own کر لیا ہے ہم پر thrust کی گئی اب جب ہماری جنگ بن گئی ہے۔ ہمارا ملک میدان جنگ بن گیا تو ہم ان سے اس نقصان کو کیوں نہ reimburse کروائیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی وقاص اسلم رانا۔

جناب وقاص اسلم رانا: شکریہ میڈم سپیکر۔ میرے خیال میں اس Resolution پر کافی بحث ہو گئی ہے اور اس کی over all spirit بڑی appreciable ہے لیکن I think ایک point جو زیادہ appreciate کرنے والا ہے کہ سیاست میں اکثر perception reality سے زیادہ اہم ہوتی ہے۔ جو perception create ہوئی ہے وہ یہی ہے کہ ہم نے internal decision نہیں لیا بلکہ United States نے dictate کیا ہے جو فیصلہ ہماری حکومت نے کیا ہے۔ جتنی جلدی ہم نے peace deal سے back track کیا ۔ جو ہم pressure stand نہیں کر سکے۔ جو timing ہوئی ہے وہاں ہمارے صدر صاحب امریکہ میں بیٹھ کر ان کے Secretary of State کو beacon of light کہہ رہے ہیں اور وہاں پر اتنے اہم فیصلے ہو رہے ہیں ان کو اس stage پر امریکہ جانا ہی نہیں چاہیے تھا ۔ میرے خیال میں اہم چیز جو ابھی تک highlight نہیں ہوئی کہ یہ تو ایک debate obviously چل رہی ہے کہ یہ فیصلہ ٹھیک تھا یا نہیں تھا لیکن ایک بہت ہی اہم debate یہ بھی ہے کہ کیا یہ فیصلہ ہم نے independently لیا کہ نظام عدل لگائیں یا نہ لگائیں اور پھر کیا ہم نے یہ independently فیصلہ ہم نے لیا کہ ہم agreement scrap کریں یا نہ کریں۔ یہ debate بہت اہم کہ جب تک ہماری پالیسی آزاد نہیں ہوگی جیسے کل کافی زیادہ لوگوں نے عمران خان کو sight کیا تو انہوں نے ایک بہت اہم point یہ بھی raise کیا کہ جو پالیسی ہو، چاہے وہ غلط ہو یا صحیح ہو وہ ایک بعد کی بات ہے لیکن اگر ایک پالیسی independent ہی نہیں ہوگی تو اس کی کامیابی کے probability zero ہے۔ اگر ایک پالیسی آپ خود نہیں بنا رہے کسی کی dictation پر بنا رہے ہیں تو وہ کبھی successful نہیں ہوگی چاہے آپ ایک military operation launch کریں یا ایک peace deal کریں۔ اہم بات یہ ہے کہ ہماری Federal Government should show some backbone, should stand up to the United States of America and tell them that look this a relationship جس میں ہم نے اپنے national interest کو sovereign رکھنا ہے۔ We should stand up with the Afghan Government. مطلب حد یہ ہوگئی ہے کہ آج کرزئی صاحب ہمارے صدر سے زیادہ بڑے Statesman نظر آتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ جو فیصلے بھی ہم اس اہم issue کے اوپر لیں وہ پاکستان کے national interest میں ہو۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب فرخ جدون۔

جناب فرخ جدون۔ میڈم بہت شکریہ۔ دو منٹ میں مجھے سمجھ نہیں آرہی ایک شعر یاد آ رہا ہے۔

یہ ایک ابر کا ٹکڑا کہاں کہاں برسے
تمام دشت ہی پیاسا دکھائی دیتا ہے

اتنے لوگوں نے سوال کئے ہیں میں کس کس کے جواب دوں۔ پانچ طرح کے طالبان وہاں پر موجود ہیں ایک بیوقوف طالبان، صوفی محمد کیٹیگری کے۔ دوسرے وہ لوگ جو ایجنسیوں کے لوگ ہیں، را کے موساد وغیرہ کے۔ تیسرے وہ لوگ ہیں جنہوں نے کہیں اپنے پچھلے بدلے ختم کرنے تھے وہ بھی بدلے لینے کے لیے ان کے ساتھ مل گئے ہیں۔ چوتھا غنڈے، بدمعاش ان کے ساتھ مل گئے ہیں اور پانچویں بے روزگار مل گئے ہیں جنہیں پچیس ہزار روپیہ وظیفہ مل رہا ہے اور ایک کلاشنکوف مل رہی ہے social security کی لیے۔ آپ صرف صوفی محمد کو

ختم کرنے کی، بے وقوف طالبان کو ختم کرنے کی بات کر رہے ہیں، باقی چار کا کیا ہوگا؟ باقی چار بے گناہ جب مریں گے تو انہیں بے قوف بولیں گے کہ دیکھا ہم نہ بولتے تھے یہ حکومت ہمارے ساتھ نہیں ہے۔ اب مرو۔ دیکھیں آپ تھوڑا سا chance دیں۔ یا تو آپ social injustice کو ختم کریں۔ آپ گوسٹین کو دیکھیں اس نے کیا کیا تھا؟ آپ ویل پول کو دیکھیں اس نے کیا کیا تھا۔ خدارا لوگوں کی تاریخ پڑھنا شروع کریں کہ انہوں نے اس مشکل وقت میں اپنے لوگوں کے ساتھ کیا کیا تھا اس کے بعد آپ کو اندازہ ہوگا کہ یہ process کیسے آگے چلتا ہے۔ آخر میں media hike کے بارے میں میں آپ کو بتا دوں کہ یہ تمام جو چیزیں آپ کو نظر آرہی ہیں یہ میڈیا کی پیدا کردہ ہیں۔ میڈیا مشین نے اتنا برباد کر کے رکھ دیا ہے۔ اس شعر کے ساتھ میں ختم کروں گا۔

ہے دل کے لیے موت مشینوں کی حکومت
احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات

Madam Deputy Speaker: Thank you. Now I put the Resolution to the House.

Mr. Waqar Nayyar: Madam Speaker, as per tradition I would like to answer the questions that were raised according to this Resolution before it is put to vote.

Madam Deputy Speaker: Can you wind up in a minute?

Mr. Waqar Nayyar: A minute.

میڈم سپیکر! سب سے زیادہ افسوس اس cancer والی analogy پر ہو, ا مجھے وہ یاد آگیا کہ وہ وائسرائے جس کو1857 کی آزادی کی تحریک کو کچلنے کا task دیا گیا تھا اس نے بھی بالکل اسی طرح کے comments دیئے تھے افسوس اس بات پر ہوتا ہے کہ آج ہمیں کسی انگریز کی ضرورت نہیں ہےکہ وہ یہاں پر آکر ہمارے لوگوں کو مارے۔ ہمارے اپنے لوگ اپنے لوگوں کو مارنے کے لیے بالکل تیار بیٹھے ہیں۔ اس قدر division ہوگئی ہے ہمارے ملک میں، بات یہ ہے کہ collateral damage تب ہوتا ہے جب آپ کی فوج کے لوگ مر رہے ہوں۔ Civilians and that too your own citizens can not and should not be considered acceptable collateral damage under any circumstances. Thank you.

جناب احمد نور: محترمہ سپیکر ایک اہم پوائنٹ میرے ذہن میں ہے۔

محترمہ ڈپٹی چیئرمین: احمد نور صاحب پلیز تشریف رکھیں۔

جناب ا حمد نور: میں walkout کر رہا ہوں کیوں کہ مجھے اس resolution پر بولنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ میڈم آپ اسے پیش کریں میں احتجاجاً واک آؤٹ کر رہا ہوں۔

جناب ضمیر احمد ملک: میڈم میرا خیال ہے دو چار دوستوں کو اور سن لیا جائے۔

Madam Deputy Speaker: Zamir Sahib I can request the secretariat to increase the time of discussion. Otherwise I will not allow it because I did not give a chance.

جناب ضمیر احمد ملک: میڈم پندرہ منٹ بڑھا دیئے جائیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: عثمان صاحب پلیز آپ کچھ دیر کے لیے تشریف رکھیں۔
(مداخلت)

A Member: Madam speaker, Usman Ali should be given a chance
کیونکہ وہ واحد بندہ ہے جو سوات سے تعلق رکھتا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ضمیر صاحب، صفیان صاحب ذرا آپ اپنے mike بند کر دیں۔ احمد نور صاحب۔

جناب احمد نور: شکریہ میڈم سپیکر۔ مجھے تو اس پارلیمنٹ کی credibility پر شک ہو رہا ہے کہ پرسوں ایک resolution order of the day میں نہیں تھا اچانک نازل ہوا اور ہم نے پاس کیا۔ آج اس کے against ایک resolution آرہا ہے تو اس پارلیمنٹ کی credibility کیا ہے؟ میڈم سپیکر! یہ روز روز کا ڈرامہ جو آج operation شروع کیا گیا، دس لاکھ سے زیادہ لوگ displaced ہوگئے وہ کراچی تک پہنچ گئے اور آج آپ کہہ رہے ہیں کہ operation بند کیا جائے تاکہ اور موقعہ ملے تاکہ جب بھی کوئی اور دورہ امریکہ ہو تو امریکن دورہ کامیاب کروایا جائے۔ امریکن دوروں کو کامیاب کروانے کے لیے آپ روز روز operation کر رہے ہو، اس کو بند کیا جائے۔ ہم درخواست کرتے ہیں کہ اگر اب آپ نے operation شروع کیا ہے تو جلد اس کو wind up کیونکہ امریکن سی آئی اے آپ کو back up کر رہا ہے۔ اس کے ڈرون طیارے آپ کے لیے میسر ہیں، اس کے آپاچی ہیلی کاپٹر آپ کے پاس ہیں۔ اس کو جلد از جلد ختم کیا جائے کیونکہ ہم امن چاہتے ہیں یہ غریب لوگ جو اس گرمی میں پشاور، اسلام آباد اور کراچی تک پہنچ چکے ہیں ان کو واپس اپنے علاقوں میں لایا جائے۔ اس operation کو جلد از جلد ختم کیا جائے۔ اس کو اس طرح نہ کریں کہ آج کوئی اور امن معاہدہ ہو اور دو تین مہینوں کے بعد کو امریکہ کی طرف سے آجائے اور اس کو پھر دورہ کامیاب کروانے کے لیے ایک اور operation شروع کریں۔ یہ روز روز کا ڈرامہ مزید بند کرو اور ہمیں peace دے دو۔ شکریہ ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب عثمان علی۔

جناب عثمان علی: شکریہ میڈم سپیکر۔ پہلے تو میں جو عبداللہ لغاری صاحب نے کہا ہے کہ وزیر داخلہ سوات کہاں گئے ہیں میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ سوات گئے ہیں۔ آپ کو بھی تو ground reality کا پتا نہیں ہے۔ یہ جو resolution پر بات کی گئی ہے کہ all possibilities should have been explored. تو what possibilities were left with us. کوئی possibility نہیں ہے جب یہ معاہدہ ہوا تو دوسرے دن ڈی سی او کو اغوا کیا گیا۔ اس کے بعد طالبان نے سڑکوں میں IADs لگانی شروع کر دی ہیں۔ ابھی ان کا یہی plan تھا کہ وہ expansion کریں گے، نہ تو ان کا شریعت کا plan ہے اور نہ وہ شریعت چاہتے ہیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی شیر افگن۔

جناب شیگر افگن: شکریہ میڈم سپیکر۔ مجھے افسوس اس بات پر ہے کہ کشتی ڈوب رہی ہے اور ہم اس definition پر لڑ رہے ہیں کہ sinking کی definition کیا ہے۔ اگر یہ طالبان جنہوں نے ڈی سی او کو اغوا کیا ہے اگر یہ criminal ہوتا تو اگلے دن کیا ہوتا؟ Action لیا جاتا۔ میں نے اس دن بھی یہ بات کی تھی کہ آپ ایم کیو ایم کے خلاف بولتے ہیں تو ایم کیو ایم میں اور طالبان میں کیا فرق ہے وہ ایک ethnicity کو استعمال کرتے ہیں یہ religion کو استعمال کرتے ہیں ان میں فرق کیا ہے۔ اے این پی democratically elected حکومت اس علاقے کی ہے and they gave in a couple of people or few thousand people who picked up arms تو پھر آپ military dictatorship کی کیوں مخالفت کرتے ہیں۔ It is a same thing.

اس کے علاوہ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ لاہور ، اسلام آباد اور کراچی کے علاقوں میں سکولوں میں threats آرہے ہیں کہ women have to dress a certain way ورنہ acid throwing ہوگی یا killing کے threats آرہے ہیں اور schools and colleges اپنے dresses change کر رہے ہیں۔ یہ ہمیں دیکھنا پڑے گا کہ ہم کیوں ڈر رہے ہیں۔ if we can speak out openly against MQM, if we can speak out اگر کوئی criminal ہماری گلی میں آتے ہیں تو we can call the police and why not show the same dedication to this. We tried the peace deal twice and it failed. اب military action لینا پڑے گا and we have to see it through. Casualties ہونگی اور یہ ہماری created چیز ہے ہمیں اس وقت سوچنا چاہیے تھا جب 1980s میں امریکن ہمارے پاس آئے اور انہی مولویوں نے باقاعدہ فتوے جاری کئے۔ آپ ان کی تاریخ دیکھیں کہ جی روس والے بے دین ہیں اور ان کے خلاف جہاد جائز ہے۔ چین کیا ہے؟ They are our

and we were left with these Zionist ہم نے اس وقت کیوں نہیں سوچا biggest allies in the region. which has come out of the bottle. We have to deal with these people strictly now.

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب نشاط کاظمی۔

سید محمد نشاط الحسن کاظمی: محترمہ سپیکر صاحبہ۔ میں اپنی جگہ پر چوہدر ی عثمان صاحب کو موقعہ دینا چاہوں گا کہ وہ بولیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی عثمان صاحب۔

چوہدری محمد عثمان: شکریہ۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ بنیادی طور پر یہاں ہمیں دیکھنا چاہیے کہ کیا کوئی ہمیں timeframe دے سکتے ہیں کہ کتنے timeframe میں ہم یہ چیزیں curb کر لیں گے سب چیزیں neutralize کر لیں گے سب چیزیں۔ اب تک افغانستان اور عراق میں ہم نے امریکہ کا حال دیکھ لیا ہے۔ کیا ہم ویسی ہی آگ اگلے نو دس گیارہ بارہ اور پندرہ سال تک کے لیے لگانا چاہتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ ایوان میں ہر بندہ یہ چاہتا ہے کہ یہ مسئلہ حل ہو لیکن جو اس resolution کے against ہے وہ یہ چاہتے ہیں کہ اس درخت کو کلہاڑے سے کاٹ دیا جائے۔ ہم لوگ یہ چاہتے ہیں کہ اس کو جڑ سے اکھاڑہ جائے۔ اس کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے ضروری ہے کہ اس چیز کو neutralize کیا جائے ان لوگوں کی ایک سوچ develop کی جائے، ان کے سامنے ایک evidence لایا جائے کہ ہاں ہم نے ان کے ساتھ معاہدہ کیا اور ان لوگوں نے اس طریقے سے اس کو breach کیا۔ Now we have no other option but to eradicate them, rather than جبکہ ان کی پہلے ہی ایک bad intention تھی ہمارے صدر صاحب نے اس پر دستخط کرنے کے لیے بہت وقت لیا۔ ان کے already they were skeptic کہ شاید حکومت کی کوئی bad intention ہے۔ ہم اس کو prove کر رہے ہیں کہ ہاں ان کی bad intentions تھیں اس وقت صرف معاملے کو ٹھنڈا کرنے کے لیے وہ سلسلہ کیا جاتا تھا ۔

ایک بہت اہم نکتہ جو یہاں پر ابھی تک discuss نہیں کیا جارہا کہ there is fair chance کہ اس agreement کو صرف امریکہ کے ساتھ صدر کے visit کے اوپر صرف امریکہ کو exploit کرنے کے لیے ایک چیز اس وقت create کی گئ تاکہ اس چیز کو end up کیا جاسکے کیونکہ everybody knows کہ امریکہ table talk پر نہیں آرہا تھا ۔ ان کے جو افغانستان اور پاکستان کے ایلچی ہیں آیا وہ صدر صاحب سے ملاقات کرتے تھے یا ہیلری کلنٹن صاحبہ لیکن ان کے President direct one to one نہیں آرہے تھے۔ دوسرا ان کی reservations تھیں ہمیں مزید funds دینے میں they were conditional جو ہمیں aid آرہی تھی ان کو talking terms پر لانے کے لیے یہ چیز لائی گئی اور اس کو اب اس طرح سے طالبان یا صوفی محمد whatsoever ان کے اوپر ڈال کر اس کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ ہمیں اس چیز کو وقت دینا چاہیے، ہمیں naturalize کرنا چاہیے۔ ہمیں سوچ بدلنی ہوگی یہ elements اس طرح ختم نہیں ہونگے ۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Now I put the Resolution. A lot of debate has been generated on this topic and we have observed that there is no solid conclusion to it. So this Resolution stands referred to the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs.

(The Resolution was referred to the Standing Committee.)

Mr. Muhammad Essam Rehmani: Point of order. Only the Prime Minister can refer to the standing committee. The Speaker has absolutely no space in the Rules and Procedure.

Mr. Sufian Ahmed Bajar: Madam Deputy Speaker I think voting should be conducted if there is……..

میڈم ڈپٹی سپیکر: صفیان صاحب آپ ذرا تشریف رکھیں۔
I would request the honorable Prime Minister to decide what do we do about this Resolution.

Mr. Ahmed Ali Babar: Thank you Madam Speaker.

یہاں پر اس debate کے بارے میں بات کرنے کی بجائے میں یہ بات واضح کر دوں کہ بہت سے لوگ اس بات کو refer کر رہے ہیں کہ جو ایک دن پہلے ایک resolution pass ہوا تھا یہاں پر جس میں فوج کی moral support کرنے کی بات ہوئی تھی آج کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ یہ جو Resolution ہے اس کو contradict کر رہی ہے۔ جناب سپیکر! میں یہاں پر یہ بات واضح کر دوں کہ یہ اس کو contradict نہیں کر رہی کیونکہ اس resolution کی wording یہ تھی کہ ہم فوج کی moral support کرتے ہیں اب فوج ایک کام کر رہی ہے تو اس کی moral support تو آپ نے کرنی ہے۔ یہ جو resolution ہے اس میں صرف اور صرف جو peace agreement جو haste میں scrap کیا ہوا ہے اس کو condemn کیا ہوا ہے۔ یہ ایک دوسرے کی self contradicting Resolutions نہیں ہیں اور یہاں پر دونوں اطراف سے بہت اچھی debate generate ہوئی ہے۔ چاہے وہ گرین پارٹی ہو یا بلیو پارٹی ہو ہر ایک نے اس کو اپنے perspective کے لحاظ سے بہت اچھے طریقے سے بتایا ہے۔ دونوں پارٹیوں کی رائے کو مدنظر رکھتے ہوئے میں آپ سے request کروں گا کہ اس resolution کو ووٹ کے لیے یہاں پر لایا جائے تاکہ فیصلہ ہو کہ یہ چیز صحیح ہے یا نہیں۔

(مداخلت)

Madam Deputy Speaker: Honorable members please come back. If you can kindly call the members back because we are putting it to vote. Now I put the Resolution to the House it has been moved that “this House condemns the haste with which the peace agreement was scrapped. We believe that once an accord was signed, all possibilities should have been explored and more time should have been given, before resorting to an all-out military action.”

(The Motion was carried.)

Madam Deputy Speaker: The Resolution stands adopted. Yes Prime Minister.

Mr. Ahmed Ali Babar: Madam before the session stands adjourned.
دو announcements دینی ہے۔ ایک یہ ہے کہ مسٹر رحیم بخش کھیتران نے ایک این جی او بنائی ہے جس میں مختلف طالب علموں کی تعلیم کا بندوبست کیا جاتا ہے تو ان کو کچھ books کی ضرورت ہے چاہے وہ literature سے ہو، ادب کے کسی بھی دوسرے شعبے سے ہوں، Science and Technology کے حساب سے ہوں، کل جدون صاحب کچھ کتابیں لے کر آئے تھے اس کے علاوہ اگلے اجلاس کے اندر یا قائد اعظم یونیورسٹی کے address پر کوئی بھی کتابیں ہیں ان کو فراہم کی جائیں تاکہ یہ این جی او اور بلوچ لوگوں کی تعلیم کا بندوبست ہو سکے۔

میڈم سپیکر! دوسری announcement یہ ہے کہ ایک British faith based think tank ہی Quilliam Foundation وہ ڈھائی بجے جہاں سامنے ہم لوگ کھانا کھاتے ہیں وہاں پر وہ آئیں گے اور وہ یوتھ پارلیمنٹرین سے ملاقات کرنا چاہیں گے تو جو لوگ interested ہیں وہ ڈھائی بجے ان سے ملاقات کر لیں۔

Madam Deputy Speaker: Now I read out the prorogation order. In exercise of the power conferred upon me I here by prorogue the fourth session of Youth Parliament Pakistan after the conclusion of its sitting held on Sunday May 10, 2009.

Sd/-
(Kashmala Khan Durrani)
Deputy Speaker,
Youth Parliament Pakistan.

[The Session was then prorogued, sine die.]